# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 5 ستمبر 2003ء بمطابق 7 رجب 1424 ہجری صبح دس بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَإِذَا مَسَّ الۡإِنسَٰنَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنۢبِهِۦٓ أَوۡ قَاعِدًا أَوۡ قَآئِمًا فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُ ضُرَّهُۥ مَرَّ كَأَن لَّمۡ يَدۡعُنَآ إِلَىٰ ضُرّٖ مَّسَّهُۥۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلۡمُسۡرِفِينَ مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ٥ وَلَقَدۡ أَهۡلَكۡنَا الۡقُرُونَ مِن قَبۡلِكُمۡ لَمَّا ظَلَمُواْ وَجَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُم بِالۡبَيِّنَٰتِ وَمَا كَانُواْ لِيُؤۡمِنُواْۚ كَذَٰلِكَ نَجۡزِي الۡقَوۡمَ الۡمُجۡرِمِينَ٥ ثُمَّ جَعَلۡنَٰكُمۡ خَلَٰٓئِفَ فِي الۡأَرۡضِ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ لِنَنظُرَ كَيۡفَ تَعۡمَلُونَ۔

(ترجمہ )اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو لیٹا اور بیٹھا اور کھڑا (ہر حال میں) ہمیں پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اس تکلیف کو اس سے دور کر دیتے ہیں تو (بے لحاظ ہو جاتا ہے اور) اس طرح گزر جاتا ہے گویا کسی تکلیف پہنچنے پر ہمیں کبھی پکارا ہی نہ تھا۔ اسی طرح حد سے نکل جانے والوں کو ان کے اعمال آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں اور تم سے پہلے ہم کئی امتوں کو جب انہوں نے ظلم کا راستہ اختیار کیا ہلاک کر چکے ہیں۔ اور ان کے پاس پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے۔ ہم گنہگار لوگوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں پھر ہم نے ان کے بعد تم لوگوں کو ملک میں خلیفہ بنایا تاکہ دیکھیں تم کیسے کام کرتے ہو۔

وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَٰلَمِینَ۔

جناب فرید خان: پوائنٹ آف آرڈر، پوائنٹ آف آرڈر جی۔

جناب سپیکر: جی فرید خان صاحب۔

## رسمی کارروائی

جناب فرید خان: محترم جناب سپیکر صاحب! ډیره مهربانی۔ په دے درے څلورو ورځو کښې په دیر کښې دوه داسې حادثات راغلل جی چې دهغې سره د ټول ضلع دیر عوامو ته ډیر لوئے یو غم او ډیر لوئے یو خفګان ورته راسیدلے دے نن په اخباراتو کښې اکثر په قومی اخباراتو کښې په شهه سرخو سره او په Front page باندې دا خبر لګیدلے چې په دیر په واړئ په نهاګ دره کښې یو ډاټسن ارتاؤ شو او په هغې کښې پنځلس کسان چې دی، هغې جان بحق شول او 9 پکښې زخمیان شو۔ د نن نه درے ورځے مخکښې په دیر کوهستان د شرینګل په مقام کښې یو ډاټسن یو لوئے کندے ته ارتاؤشوے دے اؤ په هغې کښې دولس کسان مړهٔ شوی دی او په هغې کښې پینځلس(15)کسان زخمیان شوې دی، لهذا دا په یوه هفته کښې دوه دومره لوئے لوئے واقعات چه د دیر خلقو ته یو غټ غم رسیدلے دے زهٔ دا خبره کوم چه صوبائی حکومت د په دے حوالې سره دا ے کسان یو ټیم منتخب کړی چې هغې لاړشی اؤ دهغې ځائے هغې موقع ته لاړشی دهغې ځائے جائزه واخلی او د صوبائی حکومت ته مے د درخواست دے چې په دے لوئے غم درد چې دهغوې سره شریک شی او د مالی یو داسے تعاون دهغوې دپاره اوکړے شې، څه نه څه په حالت کښې دهغوې سره د دومره مالی تعاون اوشې چې دهغوې دا غم، هغې مداوه کیدے نشې خو څه نه څه په حالت کښې دهغوې سره د صوبائی حکومت د طرفه یو دومره مرسته تعاون اوشې نو دا به یو ډیر لوئے کار اوشې۔ او دهغوې دپاره اجتماعی یو دعا اوشې، دهغې نه پس بشیر بلور صاحب زمونږ په حق کښې زما خیال دے چې خبره به کوی۔ دعا اوکړئ یو اجتماعی دعا دهغې په حق کښې دے اوشې جی۔

جناب بشیر احمد بلور: ما ته اجازت دے جی۔

جناب سپیکر: بالکل اجازت دے۔

جناب بشیر احمد بلور: زما عرض دا دے جی چې څنګه زما ورور خبره اوکړله، تاسو ته دا پته ده چې د دیر، سوات، مالاکنډ ډویژن ټول ډیر غریب خلق دی پکښې او دے بسونو کښې او ډاټسنو کښې چې دا کوم خلق دی، هغوې خوا انتهائی دا سے خلق دی چې هغوې خپلو بچو د پاره یو وخت روټئ هم نشې پیدا کولے، نو زما به دا درخواست وی څنګه چه زما ورور خبره اوکړله چه د دے زخمیانو د پاره بیل دغه دهغوې علاج چې دے هغې دے فری کړے شې او چې کوم خلق په حق رسیدلی دی، هغوې ته د معاوضه ملاؤ شې۔ ولے چې ما سحر اخبار کښې لوستل چې ماشوم بچې او زنانه پکښې ډیر زیات مړهٔ دی او زخمیان دی، نو زما به دا درخواست وی چې حکومت سره د دے د پاره ریلیف فنډ هم شته چې هغې نه خامخا ورته دا سې څه ورکړی چه هغوې عاجزانو خپل څه وخت تیر کړی۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب عبدالماجد: سپیکر صاحب! زهٔ هم دے باره کښې یو ګزارش کوم۔

جناب حیات خان: جناب سپیکر صاحب، سپیکر صاحب۔۔۔

جناب سپیکر: ماجد خان صاحب۔

جناب عبدالماجد: چې دغسې یو ډیر لوئے ایکسیډنټ په صوابئ کښې هم شوې دے، د دے نه لوئے، مونږ دے ټولو د پاره د دعا خواستګار هم یو اؤ یو تجویز دا کوم جی که چرے تاسو مهربانی اوکړه لکه څنګه چې په دے نیشنل هائی وے باندې د سپیډ بریکر یا د سپیډ کمئولو دپاره دا تاسو کوم یو خاص پولیس مقرر دے، که دغه شان په د وړو سړکونو په لارو باندې شی نو دا به هم یو ډیره بهتره خبره اوشی جی۔

جناب حیات خان: سپیکر صاحب! چونکه دا زما د حلقے مسئله ده نو زه څکه دغه کوم۔ نن په روزنامه مشرق او نور ټولو اخبارونو کښې بنه په سرخی باندې دا راغلې دی چې دیر بالا واڑئ سب ڈویژن میں ڈاٹسن پک اپ کھائی میں جا گری، پندرہ افراد جاں بحق۔ سواریوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی پک اپ نہاگ درہ سے واڑی آرہی تھی کہ خطرناک موڑ کاٹتے ہوئے ٹائی راڈ کھل گیا اور گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہو کر سینکڑوں فٹ گہری کھائی میں جا گری۔ حادثے میں 9

افراد شدید زخمی۔ ہلاک اور زخمی ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! انتهائی زیاته افسوسناکه واقعه شوے ده۔

جناب سپیکر: بس او شو۔ جناب سراج الحق صاحب مرحومین کے حق میں دعا بھی فرمائیں اور مجروحین کی امداد کے لئے ہمیں امید ہے کہ ان شاءاللہ آپ کچھ ارشاد فرمائیں گے۔ دعا فرمائیں مرحومین کے لئے جی۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): جناب پہلے دعا کر لیں سب کیلئے۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

سینیئر وزیر: محترم سپیکر صاحب! اس واقعہ کا ذکر ممبران اسمبلی نے کیا ہے۔ خصوصاً آج کے جو اخبارات میں آیا ہے کہ واڑی کے مقام پہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہوا ہے۔ او ہم سب کو اور پورے ایوان کے ممبران کو اس پر دکھ ہوا ہے۔ ہم سب ان کے غم و درد میں برابر کے شریک ہیں اور جو تجویز پیش کی گئی ہے کہ وہاں جا کر حالات اور نقصانات کا جائزہ لیا جائے تو میں آن دی فلور D.C.O دیر بالا اور ہمارے جو دونوں ممبران اسمبلی ہیں، ان سے استدعا کرونگا کہ وہ جا کر نقصانات کا جائزہ بھی لے لیں اور ہماری مکمل نمائندگی بھی کر لیں اور ساتھ ہی یہ بھی ریکویسٹ کرونگا کہ کہ شاید بعض علاقے ایسے ہیں جہاں کے ڈرائیور حضرات کے پاس لائسنس وغیرہ نہیں ہوتے۔ اور جس کو گاڑی ملتی ہے، شاید اسی وقت وہ اسے چلانا شروع کر دیتا ہے تو اس وجہ سے روز اس طرح کے واقعات ہو جاتے ہیں۔ بہر حال ہم اس کو بھی یقینی بنائیں گے کہ کوئی بھی ڈرائیور جو تربیت یافتہ نہیں ہے اور جس کے پاس لائسنس بھی نہیں ہے، وہ ان سڑکوں پر نہ آئے، ڈرائیونگ نہ کرے کیونکہ ان کی ناتجربہ کاری کی وجہ سے اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں۔ D.C.O دیر بالا اور جناب ملک حیات خان صاحب اور فرید اللہ خان صاحب جا کر ہمیں اس کی سفارش پیش کریں اور میں On the flour یہ وعدہ کرتا ہوں کہ ان شاءاللہ جتنا بھی نقصان ہوا ہے، اس کی تلافی کے لئے ہم حتی المقدور کوشش کریں گے۔ اور اس وقت جو زخمی تیمر گرہ کے ہاسپٹل میں ہیں، بعض ان میں سے پشاور ہاسپٹل پہنچے ہیں تو ان کے علاج کے لئے ہم ان شاءاللہ مکمل بندوبست کرینگے جی۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! اگر اجازت ہو۔

محترمہ یاسمین خان: جناب سپیکر سر: جناب سپیکر سر! مجھے اجازت دی جائے۔

جناب بشیر احمد بلور: زما یو خواست دے۔

جناب سپیکر: جی، بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: منسټر صاحب خو خبرے اوکړے خو دوی ته دا عرض کوم چې نقصانات خو څه، خدائے مه کوه څه طوفان نه دے راغلې چه بلډنګونه وران شوې دی۔ خو بس په لویو او بس مات شو۔ نقصانات مطلب دا دے چې هغه کوم خلق په حق اورسیدل د هغوې د پاره د مهربانی اوکړی۔ چې هغوې ته د څه پیسو اعلان اوکړی۔ چې دوئ لاړ شې هلته څه نقصان شوې دے۔ نقصان خو صرف بس دے۔ لاړو تباه شو۔ بس ته خو دوئ Compensation نه ورکوی۔ عام خلقو ته چه کوم تکلیف دے۔ هغوې له پکار دی چې کوم خلق شهیدان دی د هغوې د پاره د څه مهربانی اوکړی۔ دوی د اعلان اوکړی۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر، جناب سپیکر صاحب۔

محترمہ یاسمین خان: جناب سپیکر صاحب! میں کچھ کہنا چاہتی ہوں۔

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! یہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے۔ میں ایک بات۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: اسی مسئلے کے متعلق ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: نہیں سر، یہ ایک خود سوزی کے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نہیں، بعد، میں ٹائم دونگا۔ پہلے اس کو تو Wind up کر لیں۔ جی۔

محترمہ یاسمین خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر! میں سول ہاسپٹل اوگی کے بارے میں کچھ کہنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: یاسمین خان صاحبہ! پریس والے اکثر گلہ کرتے ہیں آپ اپنا نام پہلے بتایا کریں جب بولنے لگیں تو۔۔۔

محترمہ یاسمین خان: جی، یاسمین نام ہے۔ جناب سپیکر! سول ہاسپٹل اوگی کا مسئلہ ہے یہ۔

جناب سپیکر: نہیں، کیا یہ اسی سے متعلق ہے۔

محترمہ یاسمین خان: سر! یہ اوگی ہاسپٹل کا مسئلہ ہے۔

جناب سپیکر: انور کمال خان صاحب۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! میں اسی نوعیت کے حوالے سے ایک عرض کرنا چاہونگا کہ آپ کو علم ہے کہ پچھلے دنوں Unprecedented بارشیں ہوئی ہیں۔ تو اس سے لکی ضلع میں کافی گاؤں، یعنی کوئی سات آٹھ گاؤں بری طرح متاثر ہوئے ہیں، آپ خود بھی پچھلے دنوں جب لکی گئے تھے تو آپ کو بھی عمران خان کی طرف سے ایک یاداشت سی دی گئی تھی کہ اس سلسلے میں۔۔۔

جناب سپیکر: انور کمال خان دا به لږ وروستو کړه۔ اوس د ایکسیډنټ دا خبره چې ده دا خو مخکښې شروع ده بیا به۔۔۔

محترمہ یاسمین خان: سر! آپ نے مجھے بات کرنے کی اجازت بھی نہیں دی ہے۔

جناب سپیکر: پلیز، آپ بیٹھ جائیں۔

جناب انور کمال: هغه صاحبه دوئ جواب ورکړو کنه دوئ خبره ورسره اوکړله۔ نو که تاسو بیا۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: هغه صرف دومره اووئیل چې زخمیانو له به علاج فری کیږی خو دا کوم خلق چه په حق رسیدلی دی د هغوې باره کښې څه خبره نه ده کړې۔

جناب انور کمال: نو صاحبه کومه داسې غټه خبره ده خو او به ئې کړی۔ زه چې دا خبره اوکړم نو هغه هم هلته بنیادمان وژلې شوې دی۔ د خلقو تاوانونه شوې دی۔ نو دوې به په یو ځائې کښې مونږ ته جواب راکړی، دې کښې کومه داسې بده خبره ده۔ که تاسو د هغوئ جنوبی اضلاع خلقو سره څه همدردی نه وی بیا خو ټهیک ده ماته اووائیې خو خلق دی لاړل مړ شول اوبه پرې باندې راغلې او که نه وی نو زهٔ خو دوئ ته یو موقع فراهم کوم۔

جناب بشیر احمد بلور: کالا باغ غواړې اؤ کنه۔

جناب انور کمال خان: زهٔ کالاباغ غواړم زه وائیم چې کالاباغ ډیم د جوړ شی تاسو په دې باندې څه اعتراض کوئ هسې (قہقہہ) نو جناب والا! زما په دې خبرو کښې چه دوئ کوم ځائې کښې دا جواب ورکوی زما تش دا مدعا ده چې هلته هم

ډیر لوئے نقصان شوې دے ، د خلقو کورونه تباه شوې دی او دے حکومت د طرف نه هلته تقریباً پینځو لکهو روپو اعلان شوې دے او هغې کبنې جناب والا تحریری طور باندې ورکړے شوی دی چې لاکه ډیرھ لاکه روپئ تقسیم شوې دی۔ او هغه هم هغه کسانو ته ورکړے شوی دی چې څوک متاثرین نه دی، نو مهربانی د اوکړی دوئ د هدایات جاری کړی کم از کم د هغوی نه د لسټ واخلی او زمونږ په ذریعه نه بلکه د .D.C.O په ذریعه، چې کوم خلق متاثره شوې دی۔ کم از کم هغوې ته د دا پیسې ملاؤ شی۔

جناب سپیکر: جی جناب سراج الحق صاحب۔ میرے خیال میں اگر یہ سلسلہ شروع ہو گیا تو۔۔۔۔

جناب قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! یہ عوامی بات ہے۔ ایبٹ آباد میں بھی میرے علاقے کے گاؤں میں ایک مکان گرا ہے جس میں دو بچے مرے ہیں اور اس میں تین چار زخمی بھی ہیں یہ بات میں نے ان کو بتائی بھی ہے انہوں نے کہا کہ Application بھیج دو تو میں نے Application بھی دے دی ہے تو ان سے میری گزارش ہے کہ اس کا بھی کوئی بندوبست کریں۔

جناب وجیہہ الزمان خان: اسی حوالے سے جناب سپیکر۔

جناب نثار صفدر: سر! پچھلے دنوں ہمارے علاقے میں بھی بارشیں ہوئی ہیں، تو ان کو بھی ابھی تک کوئی ریلیف نہیں دیا گیا جی۔ اعلان تو کیا ہے لیکن انہوں نے پیسے ویسے کچھ بھی نہیں دیئے ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔

جناب وجیہہ الزمان خان: تو میری گزارش یہ ہے کہ میں نے ماضی میں آنریبل منسٹر سے بات کی تھی۔ اوگی کے راستے میں جناب سپیکر دو ویگنیں الٹ چکی ہیں۔

(شور)

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔ آرڈر۔ آرڈر پلیز پلیز۔ طارق خٹک صاحب، آرڈر پلیز۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! اسی حوالے سے ایک گزارش ہے کہ اوگی کے راستے میں دو ویگنیں الٹ چکی ہیں ایک ایک مہینے کے وقفے سے، ایک میں بارہ افراد ہلاک ہو چکے ہیں اور ایک میں چھیالیس۔۔۔۔

(قطع کلامی)

محترمہ یاسمین خان: سپیکر صاحب! آپ ان کی بات سن رہے ہیں میں بھی تو اسی قسم کی ایک بات کہہ رہی تھی آپ نے کہنے نہ دی۔ (تالیاں) میں واک آوٹ کرلونگی۔ (تالیاں/شور) آپ نے ان کی بات سنی لیکن میری نہیں سنی۔

(تالیاں/شور)

(اس مرحلے پر محترمہ جانے لگیں لیکن پھر دوبارہ بیٹھ گئیں)۔

جناب سپیکر: جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخوستیں موصول ہوئی ہیں بغرض منظوری میں ایوان کے سامنے پیش کرتاہوں۔اسمائے گرامی۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! ہماری اس بات کا کوئی نوٹس نہیں لیا گیا اور نہ ہی کوئی جواب ہمیں دیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: جناب حفیظ اللہ علیزئی آج کے لئے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب انور کمال خان: برائے مہربانی اگر یہ جواب نہیں دیتے تو پھر ہم اس صورت میں احتجاج کریں گے۔ان کا تو اس پر ایک منٹ بھی نہیں لگتا اگر ہمدردی کے دو الفاظ ہی کہہ دیں۔جناب والا! اس سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جنوبی اضلاع کے لوگوں کے ساتھ ان کی کوئی ہمدردی نہیں ہے۔ ہمیں اس چیز کا علم ہے کہ یہ کچھ بھی نہیں کر سکتے لیکن کم از کم ہمدردی کے دو الفاظ تو کہہ سکتے ہیں۔ (تالیاں) اگر یہ ہمدردی کے دو الفاظ بھی نہیں کہہ سکتے تو پھر ہم بھی مجبوراً احتجاج کریں گے۔ ہم ریکویسٹ کرتے ہیں کہ خالی ہمدردی کے دو الفاظ، وہ صرف خانہ پری کے لئے ہی کہہ دیں تو ہم پھر بھی مطمئن ہو جائیں گے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر! ہمدردی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینئر وزیر): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میرا خیال ہے کہ انور کمال صاحب نے جس علاقے کے بارے میں، وہاں کی تکلیفات کے حوالے سے ذکر کیا ہے، اسمبلی کے اندر وہ خاصے ایک ذمہ

دار ترین ہمارے ساتھی ہیں، وہ جو بھی بات کرتے ہیں دل کی گہرائیوں سے کرتے ہیں اور وقت گزاری کے لئے نہیں کرتے۔ اس لئے ہم بھی اس کو سنجیدگی سے سنتے ہیں۔ بارشوں کا سلسلہ جاری بھی ہے، ژالہ باری بھی ہے اور اس کی وجہ سے سیلاب بھی آتے ہیں۔ پورے صوبے میں اس کی وجہ سے نقصانات ہوئے ہیں۔ ہزارہ میں بھی، ملاکنڈ ڈویژن میں بھی، Even پشاور اور چارسدہ میں بھی اور ہمارے ایبٹ آباد اور حویلیاں میں بھی اور ادھر صوابی میں بھی۔۔۔۔۔

(مداخلت)

(اس مرحلہ پر بہت سے ممبران آپس میں تیز آواز میں باتیں کرنے لگے)

جناب سپیکر: یہ کوئی طریقہ ہے؟ میرے خیال میں آپ اس ایوان میں سنجیدہ نہیں ہیں۔ خدا کے لئے، میں بار بار درخواست کروں گا کہ میرے خیال میں اس سیشن کے دوران آپ لوگوں نے جو روش اختیار کی ہے یہ صحت مند روش نہیں ہے۔ میں پھر استدعا کرتا ہوں کہ آپ اس ہاؤس کے Decorum کو برقرار رکھیں۔ Chair کے ساتھ تعاون کریں یہ آپ لوگوں کی ذمہ داری ہے، اور میں امید رکھتا ہوں کہ آپ دو کروڑ عوام کے نمائندے ہیں، ہمارے معزز پریس کے بھائی پریس گیلری میں تشریف رکھتے ہیں اور آپ کی کارروائی پر ساری دنیا کی نظریں ہیں۔ یہ آپ کی Credibility ہے اگر آپ اس Credibility کو اس وجہ سے نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو میری خیال میں یہ مناسب نہیں ہے۔ میں پھر استدعا کرتا ہوں کہ بار خدا، بار خدا قواعد وضوابط کی پابندی کریں، تھینک یو۔ جناب سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر: شکریہ جناب سپیکر صاحب! تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ چوبیس اضلاع بمعہ فاٹا کے سارے کے سارے متاثر ہو رہے ہیں اور جہاں بڑے نقصانات ہوئے ہیں ان کے بارے میں ہم نے آپس میں مشورہ کیا ہے اور جس طرح انور کمال صاحب نے فرمایا ہے کہ پورا جو جنوبی اضلاع ہیں یا چند اضلاع ہیں ان میں ژالہ باری کی وجہ سے نقصانات ہوئے ہیں۔ اگر Specific کوئی خاص جگہ ہے جو زیادہ توجہ کے قابل ہے تو اس پر اگر وہ میرے ساتھ بات کر لیں تو ہم تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں۔ اسی طرح قلندر لودھی صاحب نے جس گھر کے بارے میں بات کی، میں نے کل ان سے بات کی تھی کہ آپ درخواست دے دیں۔ زبانی کلامی بات نہیں ہے بلکہ سرکار کی تو ساری چیزیں فائل پر، کاغذ پر اور ریکارڈ کی بنیاد پر ہوتی ہیں تو

جتنا ہم سے ہو سکتا ہے ان شاءاللہ کر لیں گے۔ باقی بارشوں کا موسم ہے اللہ تعالی سے دعا کرنی چاہیئے کہ رحمت کی بارشیں ہوں اور وہ ہمارے عوام کے لئے زحمت کا باعث نہ بنیں۔ ہماری یہی دعا ہے، آپ بھی دعا کریں اللہ تعالی ان شاءاللہ رحم کرے گا۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جن معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں بغرض منظوری میں ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اسمائے گرامی جناب حفیظ اللہ علیزئی صاحب، ایم پی اے، آج سے آٹھ تاریخ تک، محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب اختر نواز خان، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب عنایت اللہ خان گنڈاپور صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب فیصل زمان، ایم پی اے، آج کے لئے، مولانا جہانگیر خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

مولانا جہانگیر خان: جناب سپیکر صاحب میں حاضر ہوں۔۔۔۔۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: اچھا، تو ان کے نام کو leave applications list سے Exclude کرتے ہیں۔ Is it the desire of the House that leave may be granted ?

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اور مجھے آپ کی توجہ چاہیئے۔ ایبٹ آباد میں تیرہ سو افراد نے خودسوزی کا اعلان کیا ہے اور میں اس طرف اس ہاؤس کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ ایک منٹ چاہیئے۔ اخبار میں اس کی ڈیٹیل ہے۔ ناظم ایبٹ آباد گلزار عباسی کا خودسوزی کا اعلان۔ اور تیرہ سو افراد نے کوہالہ برج روڈ کو بلاک کیا اور مرکزی ڈپٹی سپیکر کی موجودگی میں قرآن پر انہوں نے حلف اٹھایا ہے کہ اگر ہمارا مسئلہ 10 ستمبر تک حل نہ کیا گیا تو ہم پارلیمنٹ کے سامنے خودسوزی کریں گے۔ جناب! مسئلہ یہ ہے کہ جاپان حکومت نے سرحد حکومت کے لئے تقریباً (27) ستائیس کروڑ روپے کی رقم منظور کی تھی۔ جس میں سے تیرہ کروڑ ایبٹ آباد میں خرچ ہونے تھے اور باقی ہمارے فرنٹیئر کے باقی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر کے

لئے تھے جس کے لئے پچھلے سال ٹینڈر بھی جاری ہو گئے تھے لیکن مرکزی وزارت بلدیات نے کن وجوہات کی بناپر اس کو بند کروایااور ہماری صوبائی وزارت بلدیات نے کس حد تک Matter مرکز کے ساتھ Take-up کیاہے کیونکہ ہماری اطلاعات کے مطابق یہ ساری رقم جو پینتیس چالیس 40 کروڑ ہے ایک مہینے کے اندر اندر وہ Lapse ہو جائے گی اور وہاں کے عوام، نمبر کے علاقے میں تیرہ کلو میٹر روڈ بنی تھی، تیرہ سوافراد نے پارلیمنٹ کے سامنے خود سوزی کااعلان ناظم سمیت کیاہے۔ تو یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو خاص توجہ کا مستحق ہے۔ ایک تو لوگ اس میں Involve ہیں جو کہ Suicide کر رہے ہیں اور دوسری بات کہ صوبائی حکومت کی وزارت بلدیات آج تک مرکز سے یہ فنڈ اپنے لئے کیوں حاصل نہیں کر سکی ہے۔

جناب سپیکر: جی، سردار ادریس صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! بلدیات کے حوالے سے ایک بات ہے، اگر اجازت ہو تو

جناب سپیکر: بلدیات کے حوالے سے ہے؟ بلدیات کے حوالے سے ہے؟ جی

سردار محمد ادریس خان (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر!

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! میں ایک بات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے بعد، آپ۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، ہمارے اوگی تحصیل کا ایک ایشو ہے اور آپ کی لوکل گورنمنٹ کا جو آرڈیننس ہے وہ یہ کہتا ہے کہ اگر تین مہینے کے اندر اندر اجلاس نہ بلایا گیا تو اسمبلی ختم ہو جائے گی۔ آٹھ مہینے سے اجلاس نہیں بلایا گیا۔ اس کے بعد بجٹ اجلاس بلایا گیا اس میں چار پانچ ممبر کو بلا کر خانہ پری کر کے، اس کو ایک ہی دن میں منظور کرا دیا گیا اور اس کو بحث کے لیے نہیں رکھا گیا۔ حالانکہ تین دن اس پر بحث ہونی چاہیئے اس کے بعد ایسے کافی سارے اہم موضوع ہیں۔ ناظموں کو Confidence میں نہیں لیا گیا اور یک طرفہ فیصلے کئے گئے ہیں۔ گورنر صاحب کا دورہ ہوا اور اس پر جو اخراجات آئے اس کی منظوری نہیں لی گئی۔ ساری اس میں ڈالی گئی، آج تک منظوری نہیں لی گئی۔ اس کے بعد تحصیل ناظم کا Oath taking

ceremony تھی اس پر بھاری اخراجات کیے گئے اور اس کی بھی منظوری نہیں لی گئی۔ اگر اس قسم کا نظام چلتا رہے گا تحصیل کونسل میں تو مزید اس آرڈیننس کی خلاف ورزی وہ کرتے رہیں گے تو میری آپ سے التجا ہے کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سے کہا جائے اور اس کی پوری رپورٹ طلب کی جائے یا کمیٹی کو اس کو ریفر کیا جائے اور اس کمیٹی کی رپورٹ بھی فوری طلب کی کرکے ایکشن لیا جائے سر۔

جناب سپیکر: امانت شاہ صاحب۔

جناب امانت شاہ: شکریه جناب سپیکر۔ دا کومه خبره چې مشتاق احمد غنی صاحب اوکړه دغه شان د دغې پیسو د دے ایډ چې کوم د جاپان ایډ وو د دو تین کروړ روپو زمونږ د خپل کلی چاټو چوک نه تر مردان د طورو پورې دا دوی اغستې وو۔ په دے باندې مونږه خبره اوکړه چه دغه ایډ زمونږ نه ضائع کیږی او دا بل طرف ته روان دے نو لهذا دا د په دے خپل ځائے باندې استعمال شی۔ مرکز دا خبره اوکړه چې چونکه دوه میاشتو کښې دا څیز مکمل کول دی که چرے تاسو مکمل کولے شئ نو مونږ دا څیز کوؤ که چرے نه شئ کولے نو بیا تاسو له مونږ پیسې نه درکوؤ۔ مونږه خبره اوکړه، ما پخپله باندې ایوب آفریدی د هزارے سره چې کوم تعلق ساتی، دهغوې سره، نورو غټو ټهیکیدارانو سره په دے ما خبره اوکړه۔ هغوې راغلل او باقاعده دائے Written ورکړل چې مونږه په دوه ماشتے کښې بلکه یوه نیمه میاشت کښې مونږه دا ټول روډ چې تین چار کلو میټر روډ دے دا مونږه مکمل کولے شو او هم په دغه لیول باندې چې په کومے طریقے سره تاسو غواړئ۔ هغه خط هغوې باقاعده مرکز ته د صوبائی حکومت نه لاړو خو مرکز تر اوسه پورے هغه خط باندې څه عمل درآمد اونه کړو۔ اؤ زمونږه هغه دوه میاشتے هم په ختمیدو کښې دی۔ زما دا ګزارش دے چې مرکز نه مونږه پرزور طریقې سره اپیل اوکړو چې زمونږ دا څومره پیسې دی، جاپان ایډ دے چې زمونږه خپلې صوبے ته راشې او زمونږه د خپلې صوبے د سړکونو په باره کښې چې دی دا ټول په هغې باندې مکمل شې۔

جناب سپیکر: جناب سردار محمد ادریس صاحب۔

جناب زرگل خان: جناب سپیکر صاحب!

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں پھر یہ ٹھیک ہے اگر آپ ایجنڈے پر نہیں آتے یہ آپ کا ریکوزیشنڈ اجلاس ہے۔ اگر آپ ایجنڈے پر نہیں آنا چاہتے تو ٹھیک ہے، میں تیار ہوں۔

ملک عمران خان: جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب

جناب سپیکر: جی، سردار ادریس صاحب۔

ملک عمران خان: جناب سپیکر صاحب! میرا بھی تعلق اسی حلقے سے ہے۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی : جناب سپیکر، پچھلے تین سال۔۔۔۔

(قطع کلامی)

ملک عمران خان: جس مسئلے کی طرف مشتاق غنی صاحب نے اس ایوان کی توجہ دلائی ہے۔ ناظم کے ساتھ میں بھی اس خود سوزی میں شامل ہوں گا اگر اس مسئلے کو حل نہ کیا گیا۔ 10 تاریخ تک انہوں نے ہم سے مہلت مانگی تھی۔

جناب سپیکر: جی۔ سردار ادریس صاحب۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: پچھلے تین سال۔۔۔۔

(شور)

Mr. Speaker: Order please. No cross talking at all. Sardar Muhammad Idrees Sahib.

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: جناب سپیکر! پچھلے سال جاپانی گورنمنٹ کی جانب سے چھبیس کروڑ روپیہ روڈز کی تعمیر کے لیے دیا گیا تھا جب یہ پچھلے سال دیا گیا تھا تو باقی تینوں صوبوں کے اندر کام شروع ہو گیا تھا لیکن ہمارے صوبے نے، ہماری گورنمنٹ سے پہلے کی یہ بات ہے کسی وجہ سے یہاں پر کام شروع نہیں کیا۔ اس معاہدے کے تحت یہ کام اکتوبر میں ختم ہونا چاہیئے تھا لیکن ابھی جب انہوں نے اس کام کے لیے کہا، میرا خود وفاقی سیکرٹری بلدیات، خواجہ ظہیر سے بات ہوئی ہے اور سیکرٹری ورکس اینڈ سروسز نے، یہ لوکل گورنمنٹ کا مسئلہ نہیں ہے۔ یہ ورکس اینڈ سروسز کا تھا۔ میری سیکرٹری ورکس اینڈ سروسز سے بات ہوئی اور سیکرٹری نے ان کو Under taking دی اور متعلقہ ٹھیکیداروں سے بھی Under taking لے کر

وفاقی سیکرٹری بلدیات کو یہ لکھ کر بھیجا ہے کہ ہم اس کام کو اکتوبر سے پہلے ختم کر سکتے ہیں اور takingدے رہے ہیں کہ ہم اس کو ختم کر دیں گے۔ لیکن پھر دوبارہ میری ان سے بات ہوئی اور میں نے ان کو کہا کہ اگر تھوڑا سا کہیں مسئلہ ہو جائے تو پھر آپ جاپانی گورنمنٹ سے بات کریں۔اور وہ Extend کرنے کے لیے تیار ہیں۔ لیکن یہ جو لیت و لعل سے کام لیا جا رہا ہے، یہ جو تساہل اور کاہلی سے کام لیا جا رہا ہے تو صوبائی گورنمنٹ کا اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔صوبائی گورنمنٹ کے سیکرٹری ورکس اینڈ سروسز نے Under takingوہاں پر بھجوا دی ہے اور اس کے لئے انہوں نے بھرپور طریقے سے اس کیس کو Take up کیا ہے، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے بھی اس کیس کو Take up کیا ہے لیکن یہ Delayہو رہا ہے یہ وفاقی گورنمنٹ کی جانب سے Delayہو رہا ہے اس میں ہماری یہ درخواست ہے کہ یہ ہاؤس انکو ایک قرار داد کی شکل میں بھی یہ پیش کر سکتا ہے اور ہم ان کے ساتھ ہیں۔ دوسری بات اوگی کے بارے میں معزز رکن نے کہا ہے تو اس سلسلے میں ہم باقاعدہ انکی مانیٹرنگ کر رہے ہیں اور اس کی رپورٹ ہم منگوا کر لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت، جو بھی اس کے سلسلے میں ہم کر سکیں تو ان شاءاللہ تعالیٰ ہم اس پر ایکشن لیں گے۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر! آنریبل منسٹر نے کہ ہم اس کو مانیٹر کر رہے ہیں۔ میری گزارش یہ ہے چیف منسٹر کے آفس سے، آپ کی توجہ ذرا چاہوں گا سر، چیف منسٹر کے آفس سے چوبیس جون کو ایک انکوائری گئی ہے اور ابھی تک اس کا کوئی ریزلٹ نہیں آیا۔ اگر مانیٹرنگ کی یہی سپیڈ ہے تو پھر مجھے افسوس ہے کہ اس پر پھر میں کہوں گا کہ جائز کام ہے، نہیں ہوا پھر آپ خفا ہوں گے، ناجائز ہوتا تو شاید ہو جاتا، لیکن آنریبل منسٹر سے میں گزارش کروں گا کہ مجھے ٹائم فریم دیا جائے جس میں بتایا جائے کہ کتنے عرصے کے اندر مجھے اس کی رپورٹ دی جائے گی؟

جناب مشتاق احمد غنی: جناب سپیکر! جیسے آنریبل منسٹر نے فرمایا کہ قرارداد پیش کی جائے تو ہم اس کی بھرپور حمایت کرتے ہیں کیونکہ چھبیس کروڑ روپے کا معاملہ ہے اور ساتھ ہی تیرہ سو آدمیوں نے خودسوزی کا اعلان کر رکھا ہے۔

آوازیں: تیرہ سو ایک نے۔

جناب مشتاق احمد غنی: تیرہ سوایک۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ Rule suspend کر کے ہمیں قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ ہم پورے ہاؤس کی طرف سے مرکزی حکومت سے یہ مطالبہ کریں کہ ہمارے صوبے کا چھبیس کروڑ روپیہ ریلیز کیا جائے ورنہ یہ پیسہ ہمارا ضائع ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: جی۔

آوازیں: ہو گیا جی۔

جناب زر گل خان: نہیں ہوا سر! اوگی کے بارے میں جواب سے ہم مطمئن نہیں ہیں جی۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی : اوگی کے بارے میں، دیکھیں جی لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ہے، اس کے مطابق لوکل گورنمنٹ کمیشن ہے اور اس کے تحت مانیٹرنگ ہو رہی ہے۔ اور ہم اس کے بارے سال کے آخر میں رپورٹس بھی دیتے ہیں ہمارے لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے اندر نقائص موجود ہیں۔ ہمارے پاس اس طرح کا کوئی Criteria موجود نہیں ہے کہ کہاں پر وہ Monthly meeting ہو رہی ہیں یا نہیں ہو رہی ہیں۔ ان کی ایک شکایت ہمارے پاس آئی ہے، اس شکایت پر ہم آگے اس پر عمل درآمد کریں گے اور ہم ان سے پوچھیں گے کہ آپ نے میٹنگ کیوں نہیں کی ہے۔ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت ہر مہینے میں چار دن میٹنگ ہونا ضروری ہے۔ لیکن یہاں پر سٹرکچرز کی کمی ہے نقائص کو دور کرنے کے لئے، کیونکہ پروانشل اسمبلی ابھی Legislation اس بارے میں نہیں کر سکتی کیونکہ یہ Schedule VI میں ہے جونہی اس پر سے پابندی معزز رکن کا تعلق جس پارٹی سے ہے مرکز میں ان کی حکومت ہے وہاں سے وہ پابندی اٹھوائیں تو ہم اس کو دور کرنے کے لئے تیار ہیں اس میں کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب وجیہہ الزمان خان: سر! میری گزارش یہ ہے کہ کم از کم اس پر کچھ ایکشن تو لیا جائے تاکہ ہمیں پتہ چلے کہ یہ ایکشن لیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: کوشش کریں گے۔ ان شاءاللہ ہو جائے گا۔

جناب وجیہہ الزمان خان: ابھی تک کچھ نہیں ہوا صرف خط آگے پیچھے ہو رہا ہے۔

## شمال مغربی سرحدی صوبہ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ (ترمیمی) بل مجریہ 2003 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Item No 4. The honourable Minister for Irrigation and Powers N.W.F.F, to please move that the North West Frontier Province Hydel Development Fund (Amendment), Bill, 2003, may be taken in to Consideration at once. Honourable Minister for Irrigation and Powers, please. Janab Hafiz Akhtar Ali Sahib.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! آپ کی توجہ رول 85 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

Rule 85. On the day on which any of the motions referred to in rule 82 is made or on any subsequent day to which the discussion there of is postponed, the principle of the Bill and its provisions may be discussed generally.

جناب سپیکر! ہم چاہتے ہیں کہ اس بل کے Consideration کے موشن کے بعد اس پر Discussion کی جائے۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون): یہ تو ایجنڈے پر ہے ہی نہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: میرے خیال میں منسٹر صاحب کو پتہ نہیں ہے۔ چیئر نے موشن کے لئے Call کی کہ Consideration کے لئے Move کریں اور آپ کہتے ہیں کہ ایجنڈے پر ہے ہی نہیں۔

وزیر قانون: میں تو۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، یہ آپ کا تو نہیں ہے، یہ تو ایریگیشن کے منسٹر کا ہے، آپ کا نہیں ہے۔۔۔۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب۔

جناب اختر علی (وزیر آبپاشی): بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شمال مغربی سرحدی صوبہ آرڈیننس نمبر 26 مجریہ 2001 کی شق نمبر 4 میں ترمیم۔ شمال مغربی سرحدی صوبہ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ آرڈیننس مجریہ 2001 شمال مغربی سرحدی صوبہ آرڈیننس نمبر 26، مجریہ 2001 کی شق نمبر 4 میں ذیلی شق نمبر 1 میں دفعہ اول میں لفظ " گورنر کے بجائے الفاظ " وزیر اعلیٰ " ثبت کئے جائیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! موشن ہاؤس کو Put کرنے سے پہلے میں ایک دو باتیں کرنا چاہتا ہوں اور منسٹر صاحب اس کی وضاحت کر دیں۔ جناب سپیکر، اگر آپ اس کی Statement of objects and reasons. دیکھیں اسمیں انہوں نے لکھا ہے۔

It is desirable that clause (i) of sub clause (I) of section 4 of the North West Frontier Province Hydel Development Fund Ordinance, 2001, may be amended to the extent that the word "Governor" be replaced by the word "Chief Minister". The Board of Directors of Sarhad Hydel Development Organization is headed by the Chief Minister, N.W.F.P, as its Chairman.

جناب سپیکر، ان الفاظ کو دیکھیں۔

Since the purposes and functions mentioned in the N.W.F.P, Hydel Development Fund Ordinance, 2001(N.W.F.P. Ordinance No. xxvi of 2001), and Sarhad Hydel Development Organization Act, 1993 (NWFP Act No. 1 of 1993) are similar. Sir, both the Bills, or the Acts, or the ordinance are similar.

تو پھر دو کی کیا ضرورت ہے۔ شیڈو میں چیف منسٹر، اس کے چیئر مین ہیں اور اس میں بھی چیئر مین گورنر کی بجائے چیف منسٹر کو بنانا چاہتے ہیں تو جب دونوں ایک ہیں، جب Purpose ایک ہے، Function ایک ہے، یہ خود کہتے ہیں۔ اردو میں بھی کہتے ہیں کہ مقاصد اور ذمہ داریاں ایک جیسی ہیں۔ جب مقاصد اور ذمہ داریاں ایک جیسی ہیں تو پھر دو بلز اور دو آرڈیننسز کی کیا ضرورت ہے؟ پھر تو آپ ایک کر لیں Headed by the Chief Minister ہمیں اس پر اعتراض نہیں ہے کہ آپ گورنر کو ہٹا کر چیف منسٹر کو اس کا چیئر مین بنانا چاہتے ہیں۔ ٹھیک ہے جب آپ کی ایک Organization کے چیئر مین چیف منسٹر ہیں اور دوسرے کے گورنر ہیں تو پھر یہ نہیں چل سکتے۔ دونوں کو ایک کرکے ایک چیف منسٹر کے Under کر لیں۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر آبپاشی: اس میں بات یہ ہے کہ چونکہ صوبہ کا سربراہ جمہوری حکومتوں میں وزیر اعلیٰ ہوتا ہے۔ یہاں پہلے سے جو لفظ ثبت کیا گیا تھا وہ گورنر تھا۔

جناب سپیکر: نا، نا۔

وزیر آبپاشی: لیکن اب اس کو، لفظ کو ہٹا کر اس کی جگہ وزیر اعلیٰ، یہ تو صاف بات ہے اس میں تو۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! ہم تو اس بات کی مخالفت نہیں کرتے کہ وزیر اعلیٰ کو نہیں ہونا چاہیئے۔ میرا مقصد یہ ہے کہ جب یہ خود کہتے ہیں کہ ان دونوں آرڈیننسز کا مقصد ایک ہے اور مقاصد کی ذمہ داریاں ایک ہیں تو پھر دو آرڈیننس لانے کی ضرورت کیا تھی؟ جناب سپیکر، یہ جو دوسرا آرڈیننس آیا تھا، یہ اس وقت آیا تھا کہ جب کوئی پولیٹیکل گورنمنٹ نہیں تھی، وزیر اعلیٰ نہیں تھے اس لئے انہوں نے وزیر اعلیٰ کی بجائے گورنر کو اس کا Head بنا دیا اب جب پولیٹیکل گورنمنٹ آئی ہے۔

سردار محمد ادریس: (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جناب سپیکر! جو یہ کہہ رہے ہیں اگر ان کا Purpose اور Responsibility ایک ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کو ایک کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے اور اس پر ہم Agreed ہیں اس کو دیکھ کر ہم ان کو ایک کر لیں گے۔

وزیر آبپاشی: مزید تقسیم کیلئے اگر دو جائیں تو اس میں بھی کوئی قباحت نہ کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: خواہ مخواہ دو کیوں کرتے ہیں؟ اچھا دیکھیں اس میں کتنے بورڈ آف ڈائریکٹرز ہیں؟ ان کو ایک کیوں نہیں کرتے۔

جناب سپیکر: جی؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! اس بل کو Introduce کیا جائے اور اس کے بعد اس پر۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ تو Introduce ہو چکا ہے اب تو Consideration stage ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ تو اچھا ہوا کہ منسٹر صاحب نے خود مان لیا اور خود ہی On the floor of the House پر Commitment کر لی کہ ہمیں دونوں کو ایک کرنے پر چلیں ٹھیک ہے کوئی اعتراض نہیں ہے تو پھر آپ کو Consideration اور Passage کی ضرورت کیا ہے؟ آپ دیکھ لیں اگر میری بات صحیح ہے تو پھر ٹھیک ہے اور اگر میری بات غلط ہے تو پھر Consideration کیلئے آپ دوبارہ لے آئیں۔

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب۔

(تالیاں)

وزیر قانون: (مشتاق احمد غنی کی طرف دیکھتے ہوئے) آپ کی حکومت کی وجہ سے ہم پریشان ہیں 26 کروڑ روپے ہم نے نہیں دینے ہیں اور۔۔۔

Mr. Speaker: Please address the chair.

وزیر قانون: جناب والا! چونکہ آپ کو بخوبی علم ہے اور معزز رکن کو بھی علم ہے کہ یہ دونوں آرڈیننس پاس ہو چکے ہیں تو ان میں Board of directors کی امنڈ منٹس بھی علیٰحدہ علیٰحدہ ہوئی ہیں۔ تو میرے خیال میں اگر بورڈ آف ڈائریکٹرز علیٰحدہ علیٰحدہ ہیں تو علیٰحدہ علیٰحدہ گورنر کی بجائے وزیر اعلیٰ کا لفظ ثبت کیا جائے تو آپ کی بڑی مہربانی ہو گی۔ تھینک یو۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ تو Already مان لیا ہے جناب سپیکر۔ Already مان لیا ہے

وزیر قانون: سر! وہ۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، آپ کی بات بھی ٹھیک ہے مگر انہوں نے مان لیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ہمیں اس پر اعتراض نہیں ہے کہ چیف منسٹر نہیں ہونا چاہیئے لیکن اس کو Defer کر دیں۔ اگر دونوں آرڈیننس اکٹھے ہو سکتے ہیں تو پھر اکٹھے ایک لائیں اگر نہیں ہو سکتے تو پھر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں میرا مطلب یہ ہے کہ آپ بتا دیں کہ ہو سکتے ہیں یا نہیں ہو سکتے؟

جناب عبدالاکبر خان: میں بتاؤں جناب سپیکر۔

(قہقہے)

(تالیاں)

جناب سپیکر: اچھا، آپ بتائیں نا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! اگر بات صحیح ہے تو میں ان پر پریشر رکھتا ہوں آپ ان کو کیوں نکالتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ بتائیں نا۔ اس سے Efficiency زیادہ ہو گی۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ کہتے ہیں تو آپ کے لئے کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion, please be attentive.

میرے خیال میں، حافظ اختر علی صاحب! آپ آپس میں باتیں کر رہے ہیں اور میں اس کو پیش کرتا ہوں ذرا آپ توجہ سے سنیں پھر ایسا نہ ہو کہ ۔۔۔۔

<u>وزیر آبپاشی</u>: میں جی ایک عرض کرتا ہوں۔ میں محترم معزز رکن سے کہتا ہوں۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: وہ بات تو ہو گئی بس ٹھیک ہے۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the North West Frontier Province Hydel Development Fund (Amendment) Bill, 2003, may be taken into consideration at once. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. Consideration stage. Since no amendment has been moved any Honourable member in clauses 1 to 2 of the Bill. Therefore, the question before the House is that clauses 1 to 2 may stands parts of the Bill. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 2 stands parts of the Bill. Preamble is also stands part of the Bill.

## شمال مغربی سرحدی صوبہ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ (ترمیمی) بل مجریہ 2003 کا پاس کیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: 'Passage Stage': Now the Honourable Minister for Irrigation and Powers NWFP, to please move that the North West Frontier Province Hydel Development Fund (Amendment) Bill,2003, may be passed. Honourable Minister for Irrigation and Powers, please.

<u>وزیر آبپاشی</u>: جناب سپیکر صاحب! میں درخواست کرتا ہوں کہ شمال مغربی سرحدی صوبہ ہائیڈل ڈیویلپمنٹ فنڈ (ترمیمی) بل مجریہ 2001 شمال مغربی سرحدی صوبہ آرڈیننس نمبر XXVI مجریہ 2001ء منظور کیا جائے۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the North West Frontier Province Hydel Development Fund (Amendment) Bill 2003 may be passed. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

جناب مشتاق احمد غنی: یہ 'No' کی آواز بھی آئی ہے۔

جناب سپیکر: وہ Chair کو پتہ لگ جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ۔۔۔

Minister for Law: Thank you Mr. Speaker and all the Honourable members of the House.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! کل جو رپورٹ پیش ہوئی تھی اس ہاؤس میں اس میں ایک Bill بھی ساتھ تھا اور جس میں یہ بات ہوئی تھی کہ آنریبل ڈپٹی سپیکر صاحب اسے آج پیش کریں گے تو ہم آپ سے اس Chair سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ اس بات کو، باقی ایجنڈے میں جانے سے پہلے، لے لیں۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب! میں عبدالاکبر خان صاحب کا بڑا احترام کرتا ہوں ہماری بزرگ شخصیت ہیں لیکن According to the rules ایجنڈے پر ایسا کوئی آئٹم نہیں ہے، لہذا ہم نہیں سمجھتے کہ وہ کونسی بات کر رہے ہیں۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! معافی غواړم دا ایجنډا هم ستاسو آفس Issue کوی، تاسو پرون Commitment کړے وو، مونږ سره خپل چیمبر کښې چې دا به مونږ ه پیش کوؤ او بیا دیکښې د دوئی مخالفت خبره هم تاسو کړې وه۔ په ایجنډا دے که نه دے ستاسو Commitment یا ستاسو خبره That is binding on us because you are a Speaker, whether you are sitting here on whether you are sitting in your office. You have made a commitment in front of all. The Ministers are there and all the opposition leaders were there and you have accepted that they will put up this legislation on the floor of the House. اور پھر یہ جی انکار کریں، Reject کریں انکی مرضی ہے مگر Put up کرنے کی آپ نے Commitment کی تھی۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! چونکہ ایجنڈے پر نہیں ہے، لہذا اس کو Next day کے ایجنڈے میں شامل کر کے اس پر بات کی جائے۔ اس میں نہ کی جائے۔

جناب مشتاق احمد غنی: وہ ایجنڈے پر Already ہے۔

جناب وزیر بلدیات دیہی ترقی: چونکہ ایجنڈے پر نہیں ہے، لہذا اس کو آج نہیں لایا جا سکتا۔

سید مرید کاظم شاہ: سر! آپ کی Commitment تھی۔۔۔۔

(شور)

جناب عبد الاکبر خان: جناب سپیکر! یہ پارلیمانی روایات کے مطابق بہت سی چیزیں سپیکر کے ساتھ Understanding سے ہوتی ہیں اور یہ چوتھی دفعہ ہے۔ میں پھر کہتا ہوں کہ یہ چوتھی دفعہ ہے کہ ایک Understanding پر پہنچ کر، ایک Agreement پر پہنچ کر گورنمنٹ بنچز اپنے ہی۔۔۔

جناب سپیکر: وزیر بلدیات کی طرف دیکھتے ہوئے آپ بیٹھ جائیں پلیز۔

جناب عبد الاکبر خان: اپنے ہی Agreement سے واپس ہو جاتے ہیں۔ جناب سپیکر! اور وہ Agreement بھی کسی اور کے ساتھ نہیں، جناب سپیکر! Chair کے ساتھ ہوتی ہے۔ ہم اپوزیشن میں ہیں، ہم گورنمنٹ کے ساتھ تو نہیں بیٹھ سکتے۔ ہم تو آپ کے چیمبر میں آئیں گے آپ سے بات کریں گے۔ جناب سپیکر! اگر آپ کی Commitment کو ان تنقیدی چیزوں کے ساتھ لیا جاتا ہے کہ یہ ایجنڈے میں ہے یا یہ ایجنڈے میں نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ میں ابھی Motion move کرتا ہوں کہ اس کو ایجنڈے میں شامل کیا جائے اور جناب سپیکر! آپ کے پاس تو Powers ہیں۔ جہاں پر Rules clear نہیں ہیں آپ کے پاس Powers ہیں کہ آپ کسی بھی Rule کی Interpretation جس طرح بھی کرنا چاہیں، کر سکتے ہیں۔ یہ کیا مذاق انہوں نے بنایا ہوا ہے کہ ایک دفعہ Agreement کر کے بھاگ جاتے ہیں، دوسری دفعہ Agreement کر کے بھاگ جاتے ہیں اور Not a person less than Speaker جناب سپیکر اس طرح تو یہ ہاؤس نہیں چلے گا۔ میں صاف کہتا ہوں کہ ہمارا آپ پر اعتماد ہے۔ آپ اس ہاؤس کے Custodian ہیں۔ آپ ہم کو اور ان کو جب ریکوزیشن کا ایجنڈا ہم دیتے ہیں تو آپ بلاتے ہیں تو یہ پارلیمانی روایت ہے اس صوبہ کی کہ اس اسمبلی کے سپیکر اپوزیشن اور گورنمنٹ بنچز کے لیڈرز کو بلاتے ہیں اور ایجنڈا Discuss ہوتا ہے اور افہام و تفہیم سے اس ایجنڈے کو Finalize کیا جاتا ہے اور اسی پر کارروائی آگے چلتی ہے اور جب ایسی کوئی Problem ہاؤس کے اندر پیدا ہوتی ہے تو سپیکر کا چیمبر، وہ بھی تقریباً، میں تو اس کو Mini Assembly کہوں گا، اس منی اسمبلی میں اپوزیشن اور گورنمنٹ دونوں بیٹھ کر ایک Understanding پیدا کرتے ہیں۔ یہ تو عجیب بات ہے کہ آپ آج ایک بات کرتے ہیں کل دوسری بات کرتے ہیں۔ میں حیران ہوں جناب سپیکر کہ آنریبل لوکل باڈیز کے منسٹر کا

اس کے ساتھ تعلق کیا ہے؟ مجھے بتایا جائے۔ کیوں کس لئے؟ DDAC ایکٹ کی حد تک جب آپ نے اس کو کمیٹی کے سپرد کیا تھا اس وقت چونکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈسٹرکٹ کی سطح پر اس کمیٹی کا سیکریٹری ہوا کرتا تھا اور ان کا آفس بھی استعمال کرتے تھے۔ ان کے انجنیئرز کی بھی Development Schemes ہوتی تھیں اسی لئے یہ لوکل ڈیپارٹمنٹ کے تحت۔ جناب سپیکر، میں حیران ہوں کہ نہ تو ان کا فنڈ ہے نہ ان کے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اس کا کوئی کنکشن ہے۔ پھر ADP کے منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں ڈسکشن کی ضرورت نہیں ہے لیکن بات یہ ہے کہ یہ ایجنڈے پر ہے یا نہیں ہے تو پھر آپ کیسے۔۔۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! اگر میرے دوست، جناب سپیکر ایک سیکنڈ مجھے ذرا اجازت دیں۔ بشیر خانہ یو منٹ د پارہ زہ خالی یو وضاحت کوم۔ جناب سپیکر! ہم اس پر بحث نہیں کرنا چاہتے لیکن ہمیں یہ علم نہیں ہے کہ وزیر بلدیات نے کیوں اس ایشو کو انا کا مسئلہ بنایا ہوا ہے۔ وہ پشتو میں کہتے ہیں "وائی چې مونږه ستاسو غم کوؤ او تاسو زمونږه د خلې پیښنے کوئی"۔ ہم تو لگے ہوئے ہیں کہ جو پراونشل کمیٹی ہم نے بنائی ہے یہ ڈیڈیک DDAC کی نعم البدل ہے۔ اس سے پہلے جناب والا! جب آفتاب شیرپاؤ خان اس صوبے کے وزیر اعلیٰ تھے اور ہم اس وقت اپوزیشن میں تھے لیکن اس وقت ہم بھی DDAC کے چیئرمین تھے۔ انہوں نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ یہ اپوزیشن کے ممبران ہیں، لہذا اپوزیشن والے DDAC کے چیئرمین نہیں ہو سکتے۔ (تالیاں) تو ان کو کیا تکلیف ہے۔ میں نے اس دن بھی اپنی تقریر میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: انور کمال خان، انور کمال خان! میرے خیال میں ڈسکشن۔۔۔۔۔

جناب انور کمال خان: اپنی تقریر میں یہ عرض کیا تھا کہ یہ فورم ہم آپ کو Provide کرتے ہیں، بلا تمیز ہم یہ فورم آپکو Provide کر رہے ہیں کہ اس میں تمام ممبران کی بقاء ہے۔ آپ کے پاس اور کوئی فورم نہیں جس میں آپ اپنی ADP کو تقسیم کر سکیں گے۔ یہ جناب۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! مونږ صرف دومره کول غواړو کنه زه عرض کوم۔

(شور)

جناب انور کمال خان: یہ جناب ایک بندہ اپنی رائے تمام تمام ہاؤس پر ٹھونسنا چاہتا ہے۔اس کمیٹی میں ہمارے ساتھ آپ کے ممبران بھی شامل تھے،ان کے دستخط بھی ہیں،اور ان کے دستخط بھی ہیں تو یہ آج کیوں اپنے دستخطوں سے منکر ہیں۔

جناب سپیکر: دا خه کوئی تا سو ؟

جناب انور کمال: ہمیں تو اس چیز کی سمجھ ہی نہیں آتی۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! تاسو دا وائی دا په ایجنډا باندې چې دے کنه، تاسو۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: یہ بالکل ایجنڈے پر ہے۔ باقی کارروائی میں یہ ایجنڈے پر ہے۔ یہ ان کی مرضی ہے۔ یہ ایوان ہے، یہ عوام کا منتخب ادارہ ہے۔اور ہر ایک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ مخالفت کر سکتا ہے اور موافقت بھی کر سکتا ہے۔ آپ مخالفت کر سکتے ہیں، آپ موافقت کر سکتے ہیں لیکن یہ کہ باقی ماندہ کارروائی پر اور یہ (تالیاں) اور یہ Already میرے خیال میں تین چار دن پہلے Decide ہوا تھا کہ یہ ہو گا۔اور یہ ایجنڈے پر ہے۔اور یہ اپنی باری پر لیا جائے گا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! ایک بات عرض کرتا ہوں کہ تعمیر سرحد پروگرام کے لئے جو آپ نے ٹائم دیا ہے، وہ دو دن آپ دیں گے اس پر ڈسکشن کے لئے، تو ہم کہتے ہیں کہ یہ بل پہلے لے لیا جائے اور پھر وہ ڈسکشن اس کے بعد ہو جائے۔

جناب سپیکر: نہیں،اس کے لیے مطلب یہ ہے کہ List of business میں۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: پوائنٹ آف آرڈر جی۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب بشیر احمد بلور: میں یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ نے کل جو ہمارے ساتھ Commitment کی ہے، وہ یہ کی ہے کہ اگر آپ لوگ خاموش ہوتے اور آپ ڈسکشن نہ کرتے اور ہاؤس اگر صحیح طریقے سے Normalize ہوتا۔ تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ بھئی اس کو Put up کریں، بے شک گورنمنٹ پارٹی اس کی مخالفت کرے۔ کل آپ نے اپنے چیمبر میں یہ کہا اور آپ نے ہم سے یہ Commitment کی کہ کل میں یہ پیش کروں گا، بے شک وہ مخالفت کریں۔ آپ کی یہ بات ہم Honour کرتے ہیں، ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں۔ اور ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ نے اپنی جو بات کی ہے، پلیز خدا کے لیے اس بات پر آپ Stand کریں۔

جناب سپیکر: نہیں، میں نے تو۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: وہ Put up کریں۔ جب Put up کریں گے تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: مطلب یہ ہے کہ آپ کو یہ Priority پر، یعنی۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر! Priority کی بات نہیں ہے۔ دیکھیں، آپ ایک بات سنیں، آپ ایجنڈے کی بات کرتے ہیں۔ اور یہ تو آپ کے آفس کا یا آپ کا فرض تھا۔ کہ آپ اس سلسلے میں۔۔۔۔۔

وزیر قانون: سر! یہ خود Contradiction کر رہے ہیں۔ آپ نے جو حوالہ دیا وہ کچھ اور تھا اور ان کا حوالہ کچھ Commitment کا ہے۔ Commitment کے بارے میں ہماری اس طرف سے یہ۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: سپیکر صاحب! دا اخو به دلته بیا گډوډ جوړیږي، دا خو به تاسو هاؤس ماته راکوئی، زه خبره اوکړم، بیا د دوئی اوکړي۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب بشیر احمد بلور: زما دا عرض دے چې تاسو دا د آفس خبره ده چې تاسو مونږ سره Commitment اوکړو، پکار دا وو چې دوئ په ایډیشنل ایجنډا باندې مونږ ته راکړے وے۔ دوئی ایجنډا نه ده راکړے نو دا د دوئی قصور دے، زمونږ خو نه دے۔ ستاسو د Wording honour مونږ کوؤ۔ پکار دی چې حکومت هم دا اوکړي۔ تاسو پیش کړئی، دوئی د پیش کړی۔ خدائی د اوکړي چې Reject شي، Reject به وی کنه، مونږ خو داسے نه وایو چې خوامخواه د پاس شي۔ خو دا ستاسو Commitment ، مونږ وایو چې ستاسو خپله کوم رویه چې ده هاؤس سره

یا څنگه چې تاسو اسمبلی چلوئی، دا سې هم دغه شان ئے ساتئی نو ښه به وی۔ خپل Commitment باندې تاسو خبره کړے ده ستاسو سیکرټری صاحب ته پکار وو چه نن ایډیشنل ایجنډا ئے مونږ ته راکړے وے خو That is on top priority وے چې پرون کوم پاتے شوې خبره ده، هغه به مخکښې راځی هغې نه پس به دا خبره کوؤ۔ زما دا خواست دے چې تاسو هاؤس ته Put up کړئې۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> دے باندې یو منټ لګی۔ یو منټ پرے لګی۔ هغه صرف، صرف هغه تاسو موشن ته پریږدئی، یو منټ پرے لګی۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> جناب! یہ باتیں ایشو کی باتیں ہیں خوامخواہ، اس کو آپ پیش کریں۔ اور اسی میں اس ہاؤس کی بقاء ہے۔ ہمارے تو یہ چیئرمین ہوں گے۔ ایم ایم اے کے لوگ چیئرمین ہوں گے ان کمیٹیوں کے یہ Head ہونگے۔ اور اس طریقے سے سب کا حصہ بنے گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> اس میں کیا ہے۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> اس میں تو ہمارے لئے کوئی بات نہیں ہے اس میں تو زیادہ ایم ایم اے کے لوگوں کا حصہ ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب سراج الحق صاحب۔

<u>وزیر بلدیات و دیہی ترقی:</u> ہاؤس کو ایجنڈے کے مطابق چلائیں، جس طرح آپ نے ایجنڈا ایشو کیا ہے۔

(قطع کلامی)

<u>Mr. Abdul Akbar Khan</u>: Mr. Speaker Why the Local Bodies Minister is speaking on this Bill please.

<u>Mr. Speaker</u>: Concerned Minister

(شور)

<u>وزیر بلدیات و دیہی ترقی:</u> جو ایجنڈے کے اندر ہے۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب سپیکر:</u> آپ لوگ بیٹھ جائیں، پلیز۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> ہم بھی آپ کے ساتھ ہیں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: یہ اس طرح کریں ایک سیکنڈ جی، جس طرح سے یہ ایجنڈا ایشو ہو چکا ہے، اسی طرح سے انکی ترجیحات کی بنیاد پر، Priorities کی بنیاد پر اس کو ڈسکس کیا جائے۔ ہم تو یہ نہیں کہتے ہیں کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں، اس میں کیا قباحت ہے۔ اگر اس کو پہلے لے لیا جائے۔ کیوں انا کا مسئلہ اسے بنایا جارہا ہے؟ جناب سراج الحق صاحب۔

(تالیاں)

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! زما دا عرض دے چې دا ټول هاؤس ، ټول ممبران به ستاسو د حکم تعمیل کوی۔ تاسو چې کوم رولنګ ورکړې دے۔ کوم Commitment مو کړے دے۔ د هغې په مونږ باندې احترام لازم دے۔ د هغې مونږه احترام کوؤ۔ او تاسو چې څنګه وائی نو ان شاء الله هغه شان ورسره وړاندے کوؤ۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Item No.7, the Honorable Deputy Speaker/Chairman of the Special Committee on …. (Applause)…Local Government to please. Introduce before the House the North West Frontier Province Establishment of Provincial Development Committees Bill, 2003.Honourable Deputy Speaker, please.

جناب اکرام اللہ شاہد (ڈپٹی سپیکر): آنریبل سپیکر! میں آپ کا اپنی طرف سے اور معزز ایوان کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے جمہوری روایات کو بحال رکھا اور اسکے تقدس کو بحال رکھا سر۔

(تالیاں)

Mr. Ikramullah Shahid(Deputy Speaker: Sir I beg to introduce the North West Frontier Province Establishment of Provincial Development Committees Bill, 2003 before the House.

Minister for Local Government: Sir, we oppose it.

(شور/قطع کلامیاں)

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! یہ بل ایک منی بل ہے۔ یہ بل یہاں پر نہیں پیش کر سکتے۔ Unless کہ اس کو کیبنٹ منظور نہ کرے یا حکومت کی طرف سے یہ پیش ہو۔

(شور/قطع کلامیاں)

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! .It is no money Bill. It is no money Billاس میں Moneyکی کوئیInvolvement نہیں ہے۔

(شور)

Mr. Speaker: Please, please.

جناب انور کمال خان: کبنینه هلکه Introduceشو۔

(شور)

جناب عبدالا کبر خان: میں انکی توجہ رول نمبر 77 کے سب رول(5) کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں جناب سپیکرOne minute sir۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں، مجھے چھوڑ دیں۔

جناب عبدالا کبر خان: اچھا جی یہ رول۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: چیئر کو چھوڑ دیں۔

جناب عبدالا کبر خان: اچھا جی۔

جناب سپیکر: یہ بل جو ہے

Notice of the motion for leave to introduce a private Members Bill. Rule No.77. Any Member other than a Minister desiring to move for leave to introduce a Bill, shall give fifteen days, notice of his intention and shall, together with his notice, submit a copy of the Bill and a full statement objects and reasons.Rule.80.motion for leave to introduce Bills. If a motion for leave to introduce a Bill under rule 77 is apposed, the Speaker after permitting, if he thinks fit, a brief explanatory statement from the Member who moves and from the Member who opposes the motion, may put the question without further debate.

جناب عبدالا کبر خان: جناب رول78 (Seventy eight)کو بھی دیکھیں۔

جناب سپیکر: ہاں۔

جناب عبدالا کبر خان: رول78کو بھی دیکھیں۔

Mr. Speaker: jee, rule 78. Notice of a Government Bill (1) A Minister may move for leave to introduce a Bill after giving to the Secretary a written notice of his intention to do so. (2) The Notice shall be accompanied by a copy of the Bill together with a statement of objects and reasons (3) No statement of objects and reasons shall be required for a Bill which stands introduced.

یہ تو Irrelevant ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ صرف سب رول (4) پڑھیں۔

جناب سپیکر: کیاسب رول(4)؟

Mr. Abdul Akbar Khan: Ji Sub rule (4)
Mr. Speaker: Sub rule (4) of rule 78. When the item is called, the Member in charge shall forthwith move to introduce the Bill, and on the motion being made the Bill shall stand introduced without discussion.
Mr. Abdul Akbar Khan: That is my point sir. This Bill has been signed by the Minister

He is signatory to that No.2,It has been منسٹر کا مطلب ہوتا ہے گورنمنٹ referred by this august House through the chairman to a special committee. No.3. گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹس کو، سب ڈیپارٹمنٹس کو جن کا گورنمنٹ کے ساتھ Concern ہے۔ ان کو بلایا گیا ہے۔ ایڈوکیٹ جنرل یا آپ who is also ex-officio Co-opted Member بھی کہہ سکتے ہیں،اس ہاؤس کا۔ وہ بھی He was present. How we can say that it is a private Member Bill یہ بھی تو عبدالاکبر نہیں لائے ہیں جناب سپیکر۔ یہ بل تو بشیر بلور صاحب نہیں لائے ہیں۔ یہ تو انکے ڈپٹی سپیکر لائے ہیں۔ جب منسٹر نے دستخط کر دیئے ہیں تو It is a Government Bill۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! میں نے رپورٹ پر دستخط کئے ہیں، بل کے ساتھ اسکا الگ Covering letter ہوتا ہے۔ میں نے کسی Covering letter پر دستخط نہیں کئے ہیں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! اگر رپورٹ آپ کے پاس ہو تو یہ ذرا پڑھ لیں۔ تفصیل سے آپ پڑھ لیں، یہ پڑھ لیں آپ، تفصیل سے پڑھ لیں (تالیاں) یا اگر آپ کے پاس نہ ہو تو میں ہی پڑھ لیتا ہوں۔ (تالیاں) پڑھ لیں یہ رپورٹ۔ یا میرے خیال میں چیئر کو سن لیں۔

جناب بشیر احمد بلور: چیئرمین صاحب اگر خالی سفارش بھی پڑھ لیں ناں۔

جناب سپیکر: یہ سفارش، صرف ایک آرٹیکل پر آئیں۔20 نمبر جو سفارش ہے کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ مجوزہ مسودہ قانون جو کہ رپورٹ کے ساتھ لف ہے، کو زیر غور لاتے ہوئے پاس کیا جائے۔

(تالیاں)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! اب اس کے بعد کیا رہ گیا ہے۔

جناب سپیکر: مطلب یہ ہے کہ اس میں کچھ،۔۔۔

وزیر قانون: جی آپ۔

جناب سپیکر: جی، ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: تھینک یو سر! یقیناً آپ کی بات تو ہمارے لئے حکم کی حیثیت رکھتی ہے لیکن آپ14,15,16 اور17 بھی پڑھیں جی۔ آپ پر آجائیں۔

جناب شاد محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: جی، شاد محمد خان۔

جناب شاد محمد خان: دا عرض مے کولو جی چې مخکښې ۔۔۔۔۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: پلیز۔

جناب شاد محمد خان: چې مخکښې ممبر صاحب، ظفر اعظم په پښتو اعتراض کړې وو، اوس ئے اردو هم دغسې حال دے، آآآ آؤ آو آؤ، آ آ آ۔ (قہقہے) نو دا انګریزی کښې د ریم دغه ته کړئ۔

جناب سپیکر: پلیز، نو پوائنٹ آف آرڈر۔۔۔۔

(قہقہہ)

جناب خلیل عباس: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔

جناب سپیکر: خلیل عباس صاحب ایک منٹ،جی ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: جناب! آپ نے اس رپورٹ کی Page No Twenty کا حوالہ دیا ہے۔ میں سر، آپ سے گزارش کرونگااور ایوان سے گزارش کرونگا کہ وہ اسی بل کے Page No. 5 پر 14,15,16 and 17 کو دیکھ لیں اس میں بھی جناب چیئر مین صاحب نے کہا ہے کہ مجوزہ قانون ڈی ڈی اے سی ایکٹ کا متبادل ہے، جس طرح انہوں نے مشورہ دیا ہے۔اس میں No. 15 آپ دیکھیں، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون نے مجوزہ مسودہ قانون کو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس سے متصادم قرار دیا ہے سر۔

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: اس پر پھر جناب سپیکر ہمیں بھی ڈسکشن کی اجازت دی جائے کیونکہ یہ تو۔۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: کہ یو خبرہ ما تہ اجازت وی نو زہ دا ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں جی، آپشن یہ ہے کہ یا تو اسے فی الفور زیر غور لایا جائے یا اس کو سیلکٹ کمیٹی کے سپرد کیا جائے یا اس کو Latest stage پر لیا جائے، یہ Three options ہیں۔اب Mover سے میں پوچھتا ہوں، Mover سے۔

وزیر قانون: میں اسی بات پر آرہا ہوں۔

جناب پیر محمد خان: سپیکر صاحب! ایک بات عرض کرنی ہے، سپیکر صاحب۔

وزیر قانون: میں، Just a minute۔

جناب پیر محمد خان: جناب سپیکر صاحب! ۔۔۔۔

وزیر قانون: مجھے ایک منٹ دے دیا جائے۔

Mr. Speaker: The Bill stands introduced. The Bill stands introduced and it will be taken for Consideration latter on.

جناب پیر محمد خان: دوئی خود پاس کولو مطالبہ کړے وہ سپیکر صاحب۔ پہ دے خپل 20 نمبر کښے دوئی لیکلی دی، May be passed۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you very much Sir.

جناب پیر محمد خان: آؤ د پاس کولو مطالبه ئے کړے دہ۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ سے ایک ریکویسٹ کرتے ہیں۔ یہ ماحول بھی اور یہ ایوان بھی آج بڑے اچھے خوشگوار موڈ میں ہے اور ایک دو وزراء کے علاوہ باقی سب حضرات خوشگوار موڈ میں ہیں، تو کیوں نا Rule 82کا Proviso suspend کر کے۔۔۔۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان، عبدالاکبر خان! اس کو پریکٹس نہ بنایا جائے۔

(تالیاں)

## تعمیر سرحد پروگرام پر عام بحث

Mr. Speaker: Item No. 6, General discussion on Tameer-e-Sarhad Programme.

مجھے تو کافی سارے نام موصول ہوئے ہیں لیکن میرے پاس سیریل نمبر پر جناب بشیر احمد بلور صاحب، سب سے پہلے ہیں۔ جناب بشیر احمد بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور: جناب سپیکر صاحب! ډیرہ مہربانی، ډیر شکرگزار یو۔ نن چې ستاسو مخکښې رویہ وہ دے بل باندې، اپوزیشن د طرفہ ستاسو ډیر زیات شکرگزار یو چې تاسو صحیح فیصلہ اوکړلہ آؤ انصاف و عدل نہ مو کار واغستو آؤ خپل Commitment تاسو آنر کړو، مونږ ستاسو ډیر زیات مشکور یو۔ سپیکر صاحب! د تعمیر وطن پروگرام بارہ کښې عرض دا چې دا تعمیر وطن پروگرام څنگہ شروع شوې وو، چې شروع کړے وو آؤ ولے شروع کړے وو؟ مخکښې بہ تاسو تہ پتہ وی چہ نیشنل اسمبلئ، دا هاؤس لږ In order کړئ جی۔

جناب سپیکر: پلیز آرڈر پلیز۔ میرے خیال میں پھر میرے پاس ایک ہی اور راستہ رہ جاتا ہے اور وہ میرے پاس تیار پڑا ہوا ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: نو ما دا عرض کولو، پہ دے تعمیروطن پروگرام باندې سپیکر سر، چې دا شروع شوے وو د جونیجو صاحب د دور نہ آؤ ضیاءالحق صاحب دا مہربانی کړے وہ چہ دا یو داسے کار ئے پہ دے ایم این ایز او ایم پی ایز باندې او دا سینټرانو باندې هغہ شو۔ دے نہ مخکښې تاسو تہ بہ علم وی او تاسو تہ بہ پتہ وی چې د ایم این ایز او د ایم پی ایز دا کار نہ وو چې هغوې بہ سړک جوړولو،

هغوي به کوڅه جوړوله، هغوی به نالئ جوړولې. دا بدقسمتي وه چې داسې حالات پیدا شو، همیشه چې کله ډکټیټر یا مارشل لاء ایډمنسټریټر راغی، هغې ځان د پاره یو خلق جوړولو د پاره هغې داسې کار او کړې چې ایم این اے یا -.

(شور)

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔ اپنی سیٹس پر چلے جائیں، معزز اراکین سے درخواست ہے۔

جناب بشیر احمد بلور: نو دا هغوی همیشه دا طریقه کار وی چې هغه داسې حالات پیدا کړی چې ایم این اے او ایم پی اے هغوی له داسې څه لالچونه ورکړې چې هغوي بیا خپل اصل کار نه، زمونږ د پراونشل اسمبلئ او د پارلیمنټ، نیشنل اسمبلئ او سینټ دا کار دے چه هغه پالیسی جوړه کړی. خلقو د پاره انډسټری پالیسی جوړه کړی، فارن پالیسی د مرکز حکومت کار دے چې جوړه کړی، لاء اینډ آرډر پالیسی پکار ده چې جوړه کړی، امنډمنټس دے اوکړی. دا د موجوده حالاتو تقاضو مطابق دے په قانون کښې د امنډمنټس اوکړی. خو زمونږ بدقسمتي دا ده چې دا داسې شئی په دے ایم این اے، ایم پی اے باندې تپلې شوې دے چې چرته ځی نو څوک ایم این اے، ایم پی اے نه دا تپوس نه کوی چه ستا اسمبلئ کښې څه کارکردګی ده. هغوي دا وائی چې ماله دے سړک جوړ کړو او که نه، زما دا نالئ جوړه شوه که نه، زما دا کوڅه جوړه شوه که نه؟ دا د بلدیاتو او د لوکل ګورنمنټ کار دے. کوم ایم این اے، ایم پی اے او سینیټرانو پورے هم دا کار خلق Aspect کوي. په دے لړ کښې تاسو ته پته ده دا یو شې روان دے او دے نه اوس مونږ ځان نه شو خلاصولے چه هر یو ایم پی اے چرته ځی، زما خیال دے چې وزیران صاحبان هم چرته ځی نو هر یو کس ورته وائی او تاسو به هم چه خپلې علاقے ته ځئ نو دا، تاسو نه خلق دا نه Aspect کوی چې ستا سو په اسمبلئ کښې کردار څنګه وو، تاسو څنګه دا اسمبلی چلولې ده، تاسو ته به دا وائی چې زما جی د حلقے فلانکئ کوڅه ماته ده اوسه پورې چا جوړه نه کړه. خو په دے وجه باندې دا اوس مونږ باندې داسې یو، زه جی دا وایم چې 1997 په حکومت کښې مونږه خپلو خلقو کښې د یو پیسې کار، یا مونږ، مونږه ته یوه پیسه هم نه وه ملاؤ شوې او نه مونږه غوښتے وے. هغه وخت کښې، اوس بدقسمتي دا ده چې خلق

چې دی هغوی د دے پاره خوامخوا ډیمانډ کوی او د حکومت مشکور یو چې کوم وخت وزیراعلیٰ صاحب پاسیدو، هغوی اووئیل چې کال نیم کال پاتے دے نو زه دے کال کښې پنځوس لکهه روپئ تعمیروطن پروګرام د پاره ورکوم او Next year به یو کروړ روپئ ورکوم او دا هم دلته زه Explain کړم، پریس والا زما رونړه ناست وی چه دا پیسې چاله ځوک نغدې نه ورکوی چه دا ایم این اے، ایم پی اے ته ملاو شی او عموماً خلق دا وائی چې فنډ ئے واغستو او وے خوړو، دا فنډ ئے واغستو او جیب کښې واچولو نو دے دپاره هم دا وائی چې دا فنډ چې دے، دا چا ته ځوک ورکوی نه ،دا ډیپارټمنټ ته حواله شی۔ بیا ډیپارټمنټ چې دے هغه چې کوم یو ډیپارټمنټ وی۔ هغه که لوکل ګورنمنټ باندې ځوک کوی، که هغه ورکس اینډ سروسز باندے ځوک کوی، هغه ډیپارټمنټ چې دے هغه سکیمونه جوړ کړی،هغې بیا اے ۔ډی۔ پی ته لاړ شی او بیا هغه خپل هغه طریقه یا په Processباندې راځی۔ نو پیسې چه دے هغه ایم این اےیا ایم پی اے ته نغدے نه ملاویږې هغه هغې ډیپارټمنټ ته ملاویږی۔ دا ضرور دے چې ایم این اے یا ایم پی اے چې دچا فنډ وی هغوی پوائنټ اوټ کوی چې دا دا Priorityچې ده دا Priorityزما علاقه کښې اوکړی۔نو یو خو دا عموماً زمونږ چې چرته مارشل لا ګانے راغی نو بیا دا وائی چه فنډونه یعنی اربونه روپئی ایم این اے او ایم پی ایز اوخوړے، هغه فنډونه ایم این ایز او ایم پی ایز ته نه ملاویږی۔زما دا خواست دے دے موجوده حکومت نه چې تاسو دا Commitment کړے وو په فلور آف دی هاوس، زما خیال دے چه دا به په ریکارډ باندے هم وی چه پنځوس لکها چې دے ولے چې دا نیم کال وو او Next Yearیو نیم کروړ، افسوس کوو چې کوم هغه نیم کال چې وو هغه جون هم تیر شولو، جولائی،اګست او نن ستمبر دے هغه زمونړه پیسې لا ریلیزشوے نه دی چې هغه پنځوس لکها روپو هم چه Commitment شوې وو هغه یو کروړ روپئی به لا کله ریلیز کیږی۔ هغې کښې بیا دوئی داسے پابندیانې لګولے دی، زما خو حلقه کښې داسے علاقے نیشته خو عام زمونږ دوستان ګیله کوی،چه شینګل روډ چې دے هغې باندې پابندی ده۔ اوس یو روډ چې هغې باندې شنګل وانه چوی، ربنتیا خبره دا ده چه هغه وخت پابندی لګیدلے وه چه خلقو Misuseکولو هغه شنګل روډ، لس ترکه به ئے

واچول او بیا به باران راغلو اودوئی به څه نه وو اچولی نو هغه به ډیپارټمنټ زیاتے کولو چه کوم ډیپارټمنټ به دا کار کولو۔زما دا خواست دے چې دے دپاره او زمونږ وزیر صاحب ته هم خواست دے چه دیکښې لږ سوچ اوکړی چې کوم داسې علاقے وی یا غریځی علاقے وی داسے پوره کلائمکس روډ نه شی جوړیدې نو هلته پکار ده چه ورته Permissionوی چه هلته هغه شنګل روډ باندې هم کار اوکړی۔ دے دپاره مانیټرنګ پکار دے۔ یو کار چې غلط کیږی هغه مونږ وایو چې دا کار د ختم شي، نه هغه کارنه یو غلط یعنی کوم یو کار چې کیږی ددے دپاره،د هغې جواز دا دے چې هغې کار ختم شې هغې کښې اصلاح کول غواړی۔ هغې کښې داسې مانیټرنګ پکار دے چه څوک غلط استعمال او نه کړی دا پیسه چې ده دا د چا جیبونو ته لاړه نه شی۔زمونږ دا ډیپارټمنټ چې دی، او چې کوم ډیپارټمنټ دا کار کوی ورکس اینډ سروسز والا وی، بلدیاتو والا وی دیکښې ډیر زیات د اصلاحاتو ضرورت هم دے۔ز مونږ چیف منسټر صاحب موجود نه دے ولے چه هغوې سره ورکس اینډ سروسز دے۔ دا ډیپارټمنټ چې دی د حکومت ټوله پیسه، دا خو وائی کنه چې دا جی وزیر خزانه صاحب،وزیر خزانه صاحب هیڅ کار پکښې نشته ۔اے ۔ډی۔پی جوړه شی، هغه شې چې دے هغې پیسه راشی او پیسه سرونګ ډیپارټمنټ ته لاړه شی۔ اصل کار هلته دے هغه ډیپارټمنټ چه دے هغه باندې دومره کنټرول او دومره ګرفت پکار دے چې دا کرپشن چې دے ، تاسو به دا سوچ اوکړئی سپیکر صاحب چه حکومت وائی چه یو شے په سل روپو باندې زه جوړوم، ټهیکیدار وائی چې زه Below 50%باندې دا ټهیکه اخلم۔ هغې دا ورکړی بل سړے راشې هغه وائی زه Below 20%جوړوم۔ اوس چې دا منسټر یا ایکسئن یا چیف منسټر یا هغه اتهارټی چې دی، هغه له ورکړی 50%والا ته، هغه سبا کار اوکړی، او نیم کار هم او نه کړی او بیا هغه ته وائی چې مونږ سره پیسې نشته چه هغې کینسله وی نو هغه Stay orderواخلی او هغه 20%والا ورکوی نو بیا وائی چې دا خو Belowدے او بیا وائی چه 50%والا لاړ شې عدالت ته۔ ماخو 50%کم باندې دا اغستې وو دوئی بل له ورکړو 20%کم۔ زه وائم چې په دے باندې د حکومت یوه پالیسی جوړه کړی۔ ما خو خپل وخت کښې ډیر کوشش کړے وو ما خو دا هم کړی وو چڅ بهئی

30% نه Below چې څوک ورکوي هغې بالکل Black list کړي حکومت وائي په سل روپئی جوړېږي دے څنګه وائي چې زه په پچاس روپئی جوړوم. نو په دے وجه باندې زما دا خواست دے، دے ډیپارټمنټ ته چې په دوئی باندې لږ زیات قدغن اولګوائی. دا خپل حکومت هم چې دے هغه چې کوم سروسز اینډورکس ډیپارټمنټ دے هلته دے زیات او بلدیاتو. زمونږ دا تعمیر وطن پروګرام چې دے سپیکر صاحب.

(آوازیں)

تعمیر سرحد ـ بنه دا نومونه بدلیږي کله پیپلز ورکس شي، کله تعمیر سرحد کله استحکام پاکستان او کله خوشحال پاکستان شي دا نومونه بدلیږي. خو دا تعمیر سرحد دا وطن پروګرام چې دے زما دا خواست دے سپیکر صاحب چې څنګه Commitment شوے وو، څنګه زمونږه دے رونړو سره ټول زمونږه دا ایم پی ایز چې کوم د حکومت په بینچونو باندې ناست دی دوئی سره دا Commitment وو چې. Fifty lac rupees او سه پورے بجټ پاس شو او څه لږے پیسې هغوئی ایخویدې وے هغه پیسې زه نه پوهیږمه د هغے متعلق ئے وائیلي وو چه دا به نه Lapse کیږي. زمونږه منسټر صاحب وئیلي وو. زما به دا خواست وی چې کوم Commitment په دے هاوس کښې شوې دے چې Fifty lac پروسکال والا وو او One Crore روپئی د دے کال والا پکار دا ده چه یو نیم کروړ روپئی هر یو ایم پی اے ته ملاو نه شي، هر یو ایم ـ پی اے دے هلته کوم ـ

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: د Developmental کارونو د پاره ملااو شي.

جناب بشیر احمد بلور: او کارونو د پاره هغه ملاو نه شي. هغه ډیپارټمنټ ته لاړے شي. دوئی خپل سکیمونه پوائنټ آوټ کړي. ایم این اے، ایم ـ پی اے، مونږه ایم ـ پی ایز ته دے نه ملاویږي مونږ نه غواړو چه مونږ ته ملاو شي. مونږ ته دے ملاو نه شي خو ډیپارټمنټ ته دے ورکړې شي چې د دوئی د علاقې کارونه اوشي. چې دوئی پوائنټ آؤټ کړي. ولے چې د پیسو خبره مونږه کوو نو راشي جی *کروڑ روپے ایم پی اے، ایم این اے کو فنڈ سے مل گئے ہیں*. هغه بیا فنډ ملاویږي نه او زمونږ خلق د اسې د ی

چې څنګه چې دلته Commitment شوې وو په فلور آف دی هاؤس نو اوس مونږ علاقو ته ځو نو خلق وائی چې تاسو ته خو پیسې ملاو شوې دی تاسو ولے کارونه نه کوی او بیا زمونږ ایم پی اے صاحبان او مونږ پخپله ټول خپلو علاقو کښې هغه مو پوائنټ آؤټ کړے دے چې دا دا کار به کوو ،دا به کوو دا به کوو۔ اوس هغوې راځی تپوس کوی چې تاسو دا کارونه کله کړی دی، کله به شروع کوئ دا پیسې تاسو جیب کښې واچولې،فنډ حکومت، ووئیلې وو چه دا به ورکوؤ او تاسو دا پیسې ولے نه استعمالوئ نو هغه یو خو دا وو چه نه وو نو بیا خو به نه وو۔ اوس چې خلقو ته Commitment شوې دے نو خلق دا غواړی چې مونږ د هغوی کارونه اوکړو۔ زما به حکومت نه دا خواست وی چې مهربانی اوکړئ چې په دے باندې دے زر تر زره ایکشن واخلی چې دا کوم خلقو سره مونږ commitment کړے دے پخپلو علاقو کښې نو هغه علاقو ته مونږ تلې نه شو په دے وجه چې تاسو Commitment کړے دے نو کار ولے نه کیږی نو زما به دا خواست وی چې دا تعمیر سرحد پروګرام دے یا چې هر څه دے، دے باندې حکومت لږه زیات توجه اوکړی، رښتیا خبره دا ده چې زه ذاتی طور باندې زه د دے Hundred percent مخالف یمه۔ د دے فنډونو، د دے کارونو ولے چې دا زمونږ کار نه دے دا د لوکل ګورنمنټ کار دے دا د خپل بلدیاتو ادارو کار دے ،دا زمونږ کار نه دے چې زه به نالئ جوړوم او کوڅه جوړمه خو بدقسمتی دا ده چه یو Routine جوړ شوے دے دیکښے مونږ اوس نه شو خلاصې دے نو په دے وجه حکومت ته خواست کوو چه کوم Commitment دوئ په دے فلور آف دی هاؤس کوی خدائے دپاره دے هغه Honour کوی،ولے چې هغه اخبار کښې راشې نو مونږ خلقو ته بیا جواب نه شو کولے نو زما دا څو معروضات وو او زما دا خواست دے چه زما یقین هم دے چه حکومت دا پنځوس لکهه هغه او یو کروړ روپئ چه Commitment د دے کال شوے دے یو نیم کروړ روپئ به یو ځائے د ایم پی اے فنډز کښې به خپل ډیپارټمنټس ته ورکوی چې هغې ډیپارټمنټ په دے کار اوکړی۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو جناب سپیکر! میں مشکور ہوں جی کہ اس ایجنڈے کے اہم آئٹم پر آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا اور میں تو آپ کو خوش قسمت بھی سمجھتا ہوں جناب سپیکر، ہم تو بد قسمت ہیں۔

جناب سپیکر: وہ کیسے؟

جناب عبدالاکبر خان: وہ ایسے جی کہ آج اخبار میں دیکھا کہ دو ایک اعظم سواتی اور ایک اور شخص آپ کے بونیر میں گئے ہیں اور آپ کے حلقے میں وہاں پر انہوں نے اعلانات کئے ہیں تو آپ خوش نصیب ہیں کہ باہر سے بھی جی آپ کو فنڈ آرہا ہے اور آپ کے علاقے میں اور آپ کے حلقے میں وہ اعلانات ہو رہے ہیں۔ (قہقہہ) جناب سپیکر، لیکن یہ ایسی بات نہیں ہے۔ اس کا نوٹس لینا چاہیئے پراونشل گورنمنٹ کو کہ وہ جو باہر کے سینیٹرز ہیں وہ تو Elect ہوئے ہیں انہی ایم پی ایز کے ووٹوں سے اور اگر انہوں نے خود اپنے لئے Constituencies بنانے شروع کر دیئے۔ اگر انہوں نے خود ہی Interference شروع کر دی تو میرے خیال میں اس کا End پھر کوئی نہیں ہوگا اور یہ مسئلہ بڑھتا جائے گا۔ پھر تو کوئی بھی شخص آ کر ہمارے حلقوں میں مداخلت کر سکتا ہے، ٹھیک ہے اس کا اپنا حلقہ ہے اس نے الیکشن بھی لڑا ہے وہ لگائے ادھر پیسہ جتنا لگانا چاہتا ہے لگائے لیکن دوسروں کے حلقوں میں جناب سپیکر، میں نے تو اخبار میں آج دیکھا تو مجھے بڑی مایوسی ہوئی اور میں تو سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ وہ ادھر سے آ کر ادھر پراونشل اسمبلی کے ممبران کے حلقوں میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں تو ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے بونیر کے لئے فنڈز کا اعلان کیا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: پھر آپ مشکور ہو گے جناب سپیکر! آپ تو مشکور ہوں گے لیکن ہم محسوس کرتے ہیں کہ یہ طریقہ کار غلط ہے۔

جناب جمشید خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب جمشید خان: سینیټر ته خو تر اوسه پورې فنډ نه دې ملاؤ شوې نو څه به ورکوي جي۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں۔ میں نے تو اعلانات کی بات کی ہے ان کو تو ملیں گے جو ان کا سینیٹر ہوگا ان کو تو ملے گا۔

جناب وجیہ الزمان خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: بس جی آپ Topic پر آجائیں۔ عبدالاکبر خان صاحب، عبدالاکبر خان صاحب Topic پر آجائیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں موضوع پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ تعمیر سرحد کا جو آج کا ایجنڈے میں ہم نے دیا تھا، گزشتہ نو، دس مہینوں کے بعد پہلی دفعہ ہم نے اس کو ایجنڈے میں شامل کیا ہے تو اس کے پیچھے کچھ محرکات تھے جناب سپیکر۔ 1979ء سے پہلے اس قسم کے فنڈز کا تصور نہیں تھا لیکن جب لوکل گورنمنٹ سسٹم شروع ہوا 1979 میں تو وہاں پر ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبران نے ترقیاتی کام شروع کئے۔ پھر جناب سپیکر! جب پہلی اسمبلی بنی تو وہ Non- party اسمبلی تھی تو اس Non-party اسمبلی میں بھی لوکل گورنمنٹ کے جو چیئرمین یا ممبرز تھے وہ منتخب ہو کر آئے تو انہوں نے اس فنڈ کا سلسلہ Non-parties کا جو الیکشن ہوا تھا اس کے بعد شروع کیا اور جناب سپیکر! پھر تو ایسے پھنس گئے کہ پھر اب تو ایم پی ایز سے لوگ سے لوگ قانون سازی سے زیادہ، ٹھیک ہے اخبار والوں کی حد تک یا جو پڑھے لکھے لوگ ہیں وہ تو یہ کہتے ہونگے کہ اسمبلی کے ممبران کا کام صرف قانون سازی ہے لیکن جناب سپیکر! مجھے آپ بتائیں کہ جب میرے حلقے میں ایک آدمی کے یا دو تین گھروں میں ایک بجلی کا پول لگتا ہو اور اس گرمی کے موسم میں اس کے بچے مچھروں سے تنگ ہوں اور رات کو نہیں سو سکتے اور مجھے انہوں نے ووٹ دیا ہے اور میں جب جاتا ہوں تو وہ مجھ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ پول لگادو۔ میں ان سے کہتا ہوں کہ میں تو قانون سازی کروں گا۔ وہ کہتے ہیں کہ قانون سازی تو کریں لیکن ہمارے ان بچوں کا بھی تو سوچیں۔ اس طرح جناب سپیکر! اور چھوٹے چھوٹے جو مسائل Crop up ہوتے ہیں۔ جب ہم گاؤں میں، علاقوں میں جاتے ہیں تو Naturally لوگ ہم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جی یہ یہ ترقیاتی کام ہونے چاہیئں۔ جناب سپیکر! اور یہ صرف اسی حکومت کا نہیں سن 85ء سے لیکر اب تک قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی یہاں تک کہ سینیٹرز کو بھی جس طرح ابھی یہ بات ہوئی ہے، سینیٹرز کو بھی یہ فنڈز دیئے گئے کہ ان کی کوئی Constituency ہے ہی نہیں۔ ان کی کوئی As such constituency نہیں ہے لیکن ان کو بھی یہ فنڈز دیا جاتا رہا ہے پرانے زمانے سے۔ جناب سپیکر! اس کے پیچھے ایک اور مقصد بھی ہے سوائے Developmental کے نہیں

کہ جو چھوٹے چھوٹے کام ہوں اس سے جو Jobs پیدا ہوتی ہیں گاؤں کی سطح پر، دیہاتوں کی سطح پر آپ دیکھتے ہیں کہ اے ڈی پی میں آپ کے Majority project تو یا پشاور یا بڑے بڑے شہروں کی حد تک محدود ہوتے ہیں، چونکہ دیہاتی لوگ جب وہاں پر روزگار نہیں ہوتا تو یا تو وہ شہروں کو آتے ہیں، یا پشاور آتے ہیں تو یہاں پر جو Infrastructure ہے پشاور کا یا بڑے شہر مردان کا یا کسی اور شہر کا تو وہ Infrastructure بھی خراب ہوتا ہے۔ Education institutions پر بھی بوجھ پڑتا ہے، Health institutions پر بھی بوجھ پڑتا ہے۔ تو اس لئے جب یہ فنڈ گاؤں میں استعمال ہوتا ہے تو وہاں پر Job create کئے جاتے ہیں۔

(شور)

Mr. Speaker: Order please.

جناب عبدالاکبر خان: تو وہاں پر Job create ہو جاتے ہیں جناب سپیکر! اور لوگوں کو اپنے گاؤں میں اپنے گھروں کے نزدیک روزگار ملتا ہے۔ اس لئے یہ اس کا ایک بڑا Advantage ہے۔ کہ مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ وہاں پر لوگوں کو بھی Jobs ملتے ہیں۔ جناب سپیکر! یہاں پر دسمبر میں وزیر اعلیٰ صاحب نے اعلان کیا کہ میں ایم پی ایز کو، جنوری تا یا دسمبر، پچاس پچاس لاکھ روپے فی ایم پی ایز کو فنڈز سے دونگا۔ Naturally وہ بیان اخباروں میں چھپا Naturally وہ ٹیلی ویژن اور ریڈیو پر بھی آیا۔ لوگوں کو بھی پتہ لگ گیا۔ اب تو لوگ بڑے ہوشیار اور سیاسی طور پر باشعور ہیں انکو پتہ لگ گیا کہ ایم پی ایز کو پچاس لاکھ روپے کے فنڈز دینے کا وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا ہے۔ جناب سپیکر! انہوں نے سکیمز لا کر ہمیں دینی شروع کر دیں۔ جناب سپیکر! انہوں نے اعلان کیا تو ہر ایک ممبر صوبائی اسمبلی کے حلقے میں لوگوں نے ان سے مطالبات شروع کر دیئے کہ آپ کو فنڈز ملنے والے ہیں۔ وہ بھی خوش ہو گئے کہ چونکہ وزیر اعلیٰ صاحب کا اعلان ہے۔ وزیر اعلیٰ نے وعدہ کیا ہے تو انہوں نے پچاس لاکھ روپے کی سکیمیں بنانی شروع کر دیں اور لوگوں سے کہہ دیا کہ آپ ہمیں سکیمیں دے دیں۔ پھر جناب سپیکر! بجٹ آیا، بجٹ میں دوبارہ اعلان ہوا کہ ایک کروڑ روپے کے فنڈز دیئے جائیں گے۔ اور اس کے لئے آپ جلد سے جلد سکیمیں دے دیں۔ ہم نے سوچا کہ جب پچاس لاکھ روپے پہلے والے نہیں ملے ہیں تو ابھی ایک کروڑ روپے کا کیا ہو گا۔ جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں اپنے لوگوں کی نظروں میں، اپنے حلقے کے عوام کی نظروں میں گرا کر دلوں میں شکوک و شبہات پیدا کئے جا رہے ہیں کہ آپ کو پیسے مل گئے ہیں اور آپ کام نہیں کرتے۔ آپ کو فنڈز مل

گئے ہیں لیکن آپ کچھ نہیں کرتے۔ حالت یہ ہے کہ میرے خیال میں، میں نہیں سمجھتا کہ ایک فیصد، دو فیصد یا تین فیصد ممبران کے کام ہوئے ہیں۔ مجھے تو نظر نہیں آتا ان نو مہینوں میں کسی کا کام بھی نہیں ہو اور کیوں ہو، جناب سپیکر! کیوں بہت اہم لفظ ہے۔ اس لئے جناب سپیکر کہ اسکا جو Procedure بنایا گیا ہے۔ میرے خیال میں اس کو Procedure سے گزرتے گزرتے اور اسکو Finalize کرتے کرتے چار پانچ مہینے اور بھی گزر جائیں گے۔ پچھلے سال کا فنڈ تو گیا اس سال کا فنڈ بھی میرے خیال میں چلا جائے گا اور پھر لوگ کہیں گے کہ یہ پیسے ممبران نے کھا لئے۔ ہم اس فلور پر یہ اعلان کرتے ہیں کہ ابھی تک ایک روپیہ بھی ایم پی ایز کو نہیں ملا ہے تاکہ یہ تاثر زائل ہو جائے تاکہ بات ختم ہو جائے کہ ایم پی ایز کو تو فنڈز وزیر اعلیٰ نے دسمبر میں دیئے تھے اور ابھی تک نو مہینوں میں انہوں نے کچھ کام بھی نہیں کئے ہیں۔ ہمارا کام تو Site identification تھا، آپ نے جناب سپیکر جو Procedure بنایا ہے کہ آپ دیہات سے لیکر اسکو وزیر اعلیٰ کی حد تک لاتے ہیں جناب سپیکر! میں نہیں سمجھتا کہ یہ Procedure کس ذہن کی پیداوار ہے۔ ہاں اگر آپ اس مسئلے کا حل چاہتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ کام جلدی ہو۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ جو فنڈز ہیں وہ لگیں تو اس کا بہت آسان طریقہ ہے جناب سپیکر۔ آپ نے 124 ممبران کے لئے فنڈز بجٹ میں مختص کئے ہیں۔ آپ نے اے ڈی پی میں مختص کئے ہیں۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ District concerned کے جو ڈی سی اوز ہیں انکے ذریعے جو بھی ایم پی ایز اس ڈسٹرکٹ میں ہیں، ان کے چیک Release کر کے پی ایل اے میں بھیج دیں اور وہاں جو Executing Agency اس کو ایم پی اے سکیم دے اور اسی وقت جو ڈی ڈی سی ہوتی ہے یا کوئی اور کمیٹی ہوتی ہے وہ اسکو Approve کر کے اس پر کام شروع کر دے۔ یہ اوپر کا چکر کس لئے ہے۔ کہ سکیم آئے گی تو سیکرٹری کے پاس جائے گی۔ سیکرٹری، منسٹر کو بھیجے گا۔ منسٹر پھر سیکرٹری کو بھیجے گا۔ سیکرٹری پھر چیف سیکرٹری کو بھیجے گا، چیف سیکرٹری پھر چیف منسٹر کو بھیجے گا۔ چیف منسٹر سے پھر چیف سیکرٹری کو آئے گی۔ چیف سیکرٹری سے پھر سیکرٹری کو آئے گی۔ پھر منسٹر کو آئے گی۔ پھر ڈی جی کو جائے گی وہ پھر فنانس کو دے گا۔ (تالیاں) جناب یہ کیسے ہو سکتا ہے (تالیاں) یہ تو دو سال میں بھی نہیں ہو سکتا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> مطلب آپکا یہ ہے کہ It should be much simplified۔

جناب وجیہہ الزمان خان: جی، Simplified۔

جناب عبدالاکبر خان: جب ہم مرکز سے حق مانگتے ہیں جب ہم کہتے ہیں کہ ہمارا حق مرکز کے پاس ہے وہ ہمارے اس صوبے کو دے دیا جائے۔

(مداخلت)

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: وہ شیطان کی آنت ہو گئی۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! ہم ہر ضلع کے ایم پی ایز یہ چاہتے ہیں کہ فنڈز ہمارے ہر ضلع میں Transfer کر دیں اور اسکی Approval اور اسکی سب کچھ جو ہے، دیکھیں جی باقی 50 لاکھ روپے، آپ کی گورنمنٹ نے ایک پالیسی کے تحت یہ اعلان کر دیا ہے کہ فنڈز ہو گا اور یا اس سال کے لئے ایک کروڑ روپے ہو گا تو یہ بہت آسان بات ہے۔ جو بھی ممبر 51 لاکھ روپے کی سکیم بھیجے گا وہ Reject ہو گی۔ جو ایک کروڑ ایک لاکھ کی سکیمیں بھیجے گا وہ ایک لاکھ روپے اس سے کاٹ لئے جائیں گے۔ باقی آپ کا Personal ledger account جو ڈی سی او ہے۔ اس کو آپ فنانس سے Straight away جناب سپیکر! آپ کا فنانس بھی دو دو مہینے لگاتا ہے۔ پھر جب یہ سب کچھ، آپ نے تو صرف ایک Process پر بات ختم کر دی پھر جب دوسرا Process شروع ہوتا ہے کہ جی فنانس کے پاس جاتا ہے کیونکہ چیک بھی تو سیکشن آفیسر کے پاس، پھر ڈپٹی سیکرٹری نہیں جی۔ جناب سپیکر۔ آپ Bell اس لئے نہیں بجائیں کہ ایک دن اور بھی ہے لیکن یہ ہمارے ساتھ۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: مقررین بہت زیادہ ہیں نا۔ اکیلے تو آپ نہیں ہیں نا۔

جناب عبدالاکبر خان: ایک دن پورا بھی پڑا ہے۔ جناب سپیکر! اگر آپ نہیں سننا چاہتے۔ تو میں نہیں بولونگا۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب انور کمال خان: میرا ٹائم بھی ان کو دے دیں۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ اس چیز کو Simplify کیا جائے۔ اس کو صوبائی سطح سے نکال کر، اسکو ضلعی سطح پر لایا جائے اور صوبے کا جو چکر ہے، اس چکر کو ختم کر کے، کیونکہ جی۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب بشیر احمد بلور: سید ھا ڈی سی اوز کے پاس فنڈز بھیج دیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جی ہاں، ڈی سی اوز کے پاس بھیج دیں۔ ایم پی ایز سکیمیں دیں گے اور ایک مہینے کے اندر اندر یہ سب Execute ہو جائیں گے تھینک یو سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: انور کمال خان صاحب۔

(تالیاں)

جناب انور کمال خان: شکریہ جناب۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: اس کے بعد پھر آپکو ان شاءاللہ Monday کو موقع دیا جائے گا۔ اچھا جی جناب انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے تعمیر سرحد پروگرام کے حوالے سے موقع دیا کہ میں بھی اپنے خیالات کا اظہار کر سکوں۔ جناب سپیکر! آپ کو جیسے علم ہے اور جیسے میرے فاضل دوست عبدالاکبر خان اور بشیر بلور خان نے تعمیر سرحد کے حوالے سے بڑی اچھی باتیں کیں۔ آپ کے علم میں بھی ہے اور جتنے معزز اراکین یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں ان تمام کے علم میں ہے کہ آج سے تقریباً کوئی چار پانچ مہینے پہلے۔ ہمارے بلدیات کے وزیر موصوف جو یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے تمام ممبران کو تحریری اور زبانی طور پر یہ کہا کہ تعمیر سرحد کے حوالے سے 50,50 لاکھ روپے تمام ممبران کو حکومت کی طرف سے ملیں گے۔ میں ایک چیز کی وضاحت ضرور کرنا چاہتا ہوں اور ہم حکومت کے ایسا قدم اٹھانے پر مشکور بھی ضرور ہیں اس لئے کہ ہم Basically وہ لوگ ہیں جو کہ اپنے اپنے علاقوں، اپنے اپنے حلقوں میں Public representatives ہیں۔ ہم Gross root level تک جاتے ہیں۔ جہاں

پر لوگوں کے چھوٹے چھوٹے تقاضے ہوتے ہیں، ان کے کوئی مسائل ہوتے ہیں، ان کی کچھ مشکلات ہوتی ہیں، ان کے کچھ تقاضے ہوتے ہیں۔ ان کی کچھ پرابلمز ہوتی ہیں۔ اور وہ اپنے منتخب ارکان اور ممبران سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ جب وہ اسمبلیوں میں جائیں گے تو ضرور وہ تعمیری لحاظ سے کچھ ان علاقوں کے مسائل کی طرف بھی توجہ دیں گے تو اس وقت ہمیں یہ بتادیا گیا تھا کہ جب آپ فوراً تعمیر سرحد کے حوالے سے اپنی سکیمیں دیں، اور وہ ترجیحات بھی تحریری طور ہمیں دے دی گئی تھیں اور یہ خدشات بھی ہاؤس میں ظاہر کئے گئے تھے کہ اگر کہیں آٹھ دنوں میں یا پندرہ، بیس دنوں میں آپ نے تعمیر سرحد کے حولے سے اپنی اپنی سکیمیں نہیں دیں تو شاید یہ تعمیر سرحد کے پیسے Lapse ہو جائیں۔ اب جناب والا ایک طرف ہمارے سامنے یہ خدشات تھے اور دوسری طرف پیسوں کی Release کا مسئلہ تھا لیکن پھر بھی اس پر حکومت کی طرف سے یہ وضاحتی بیانات آتے رہے ہیں کہ یہ فنڈز جو 50 لاکھ روپے تک ہیں، تمام ممبران کو بلا تمیز چاہیئے وہ Treasury بنچز کے ممبران ہیں یا چاہے وہ ممبران اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ جہاں میں نے حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ اراکین اسمبلی کا یہ حق بھی بنتا ہے کہ وہ اس لحاظ سے کم از کم اپنے علاقے میں ترقیاتی کام کر سکے۔ اب جناب والا! مئی کے مہینے میں ہم سے یہ وعدے کئے گئے تھے اور آج آپ دیکھیں کہ یہ ستمبر کا مہینہ ہے۔ اور میں آج بھی وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر ہم نے تعمیر سرحد کے حوالے سے ایجنڈے پر یہ ایشو نہ دیا ہوتا تو کم از کم یہ Releases جو چند ممبران کو ہوئی ہیں۔ یہ Releases بھی ہمیں نصیب نہ ہوتیں۔ ہم ابھی بھی یہ سمجھتے ہیں کہ یہ Releases جو ہیں، یہ ہوائی باتیں ہیں۔ میں آج بھی وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اے جی آفس سے آپ پتہ کریں اور آپ ان کے فنانس سے پتہ کریں۔ ان کو ان کے Mechanism کا بھی پتہ نہیں ہے کہ یہ پیسے اے جی کی طرف کب Clear ہونگے۔ اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کب اس کو Clear کرے گا ورنہ جیسے عبدالاکبر نے بتایا یہ کان پکڑنا کوئی اتنی بڑی چیز تو نہیں ہے۔ اگر آپ نے کوئی کام کروانے ہوتے جس میں آپ کے اپنے ممبران بھی شامل ہیں۔ چلیں، آپ پانچ منٹ کے لئے اپوزیشن اراکین کو نظرانداز کر دیں لیکن وہ اراکین جو آپ کے ساتھ ہیں۔ ان کو کیوں سزا مل رہی ہے، ان کے کام کیوں تاخیر سے شروع ہو رہے ہیں۔ آپ نے وہ 30 میل کی سڑک بنادی۔ جیسے انہوں نے فرمایا کہ اس کے لئے ایک لمبا Procedure بنایا ہوا ہے۔ اب تو

نیاFinancial yearشروع ہو گیا ہے2003/2004ءیہ 50لاکھ روپے تو پچھلے سال 2002-2003ءکے تھے جو کہ آپ کے پاسAlready availableتھے اور2003-2004کے لئے ایک کروڑ روپے کا وعدہ ہر ایک ممبر کے ساتھ کیا گیا ہے۔جناب والا! اگر اس ایشو کو ہم اٹھائیں تو پھر آپ یہ کہیں گے کہ یہ تو بھڑ کانے والی بات ہے۔اب اس چیز سے وہ غلط فائدہ اٹھا رہے ہیں،ورنہ آج آپ اے ڈی پی کی کتاب اٹھا کر دیکھیں،انور کمال تو جھوٹ بول سکتا ہے لیکن آپ کی اے ڈی پی تو جھوٹ نہیں بول سکتی۔آپ کی کتاب تو جھوٹ نہیں بول سکتی۔آپ دیکھیں کہ کیا اس میں ایک بلین کی AllocationیاProjectionہے۔اس میں کوئی ایک بلین کیProjectionنہیں ہے۔وہاں پر کہیں ایک کروڑ کا حوالہ نہیں ہے۔وہاں پر 50لاکھ روپے خالی Projectکئے گئے ہیں۔اب ProjectionاورAllocationآسمان اور زمین کا فرق ہے۔Projectionکے لئے تو میں،ہمارے ہاں جب ہم چھوٹے ہوا کرتے تھے تو وہ سات لاکھ والی فلم بڑی مشہور تھی اس میں ایک جملہ تھا کہ سات لاکھ روپے آپ صرف گن سکتے ہیں خرچ نہیں کر سکتے۔

سردار محمد ادریس(وزیر بلدیات و دیہی ترقی): پوائنٹ آف آرڈر!

جناب سپیکر: جی،پلیز۔

جناب انور کمال خان: یہ وہ سات لاکھ والی فلم آپ بتا رہے ہیں۔ہمارے سامنے وہاں پر کوئی Allocationنہیں ہے۔آپToken allocationکرتے ہیں۔ (مداخلت) جناب!آپ تشریف رکھیں اس کے بعد آپ کو اتنا ہی موقع ملے گا۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر:انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: کہ آپ سارا دن بھی بولتے رہیں اور ایک ایک کا جواب بھی دیتے رہیں تو آپ تھک جائیں گے۔میں آپکی اصلاح کے لئے یہ بات کر رہا ہوں کہ خدارا جو کچھ بھی کام آپ نے کرنا ہو۔کم از کم آپ بحیثیت منسٹر نہیں بلکہ بحیثیت ایک ایم پی اے آپ کی سوچ ہونی چاہیئے۔ہمیں نہایت افسوس ہوتا ہے کہ آپ ایک ممبر کی حیثیت سے بات نہیں کرتے۔آپ ایک منسٹر کی حیثیت سے سوچ رہے ہیں،جب آپ

منسٹر کی حیثیت سے سوچتے ہیں تو آپ کبھی بھی اپنے ان بھائیوں کی سوچ کے مطابق کام نہیں کر سکتے، جب آپ اس اونچی کرسی سے نیچے آئیں گے اور جا کہ زمین پر بیٹھیں گے، ان ممبران کے ساتھ بیٹھیں گے تو آپ کی سوچ ان کی سوچ ہو گی، پھر ہم مانیں گے کہ سردار صاحب۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: میرا خیال میں انور کمال خان۔۔۔

(مداخلت)

جناب انور کمال خان: جب تک آپ یہ سوچ نہیں کریں گے اس وقت تک آپ کی اور ہماری سوچ میں کوئی مطابقت نہیں ہو گی۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: میں آپ کے ساتھ، نیچے بیٹھ جاؤنگا۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب انور کمال خان: جناب والا!

جناب سپیکر: وہ تو ذرا۔۔۔

(مداخلت)

جناب انور کمال خان: میری آواز اونچی ہے جناب۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: نہیں۔ آپ کا کیا مطلب ہے۔ آواز تو اونچی ہے۔ لیکن آپ منسٹر صاحب کو وہاں سے اٹھانا چاہتے ہیں اور یہاں بیٹھنا چاہتے ہیں۔

(قطع کلامی)

جناب انور کمال خان: میں خالی سوچ کے انداز تک ان کو کہہ رہا ہوں۔۔۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: وہ آپ کے ساتھ تو بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب انور کمال خان: خدا کرے جی۔ یہ اور بھی اونچا اڑنا شروع کر دیں۔ میں خالی سوچ ان کو بتا رہا ہوں کہ آپ کی سوچ کا انداز کم از کم ایک ممبر کی حیثیت سے ہونا چاہیئے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: میری سوچ اس کرسی سے اوپر ہے۔ یہ ان کے Internal arrangements ہیں ورنہ میری خواہش ہے کہ میں یہاں پر نیچے بیٹھ جاتا۔ لیکن یہ ذرا پیچھے تھوڑی سی کرسی رکھی گئی ہے۔ آپ سپیکر صاحب سے پوچھ لیں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب انور کمال خان: میں سوچ کے حوالے سے جناب بات کر رہا ہوں۔ آپ میری بات کی منطق کو سمجھا کریں۔ میں کبھی بھی یہ نہیں چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ آپ کو یہ کرسی مبارک کرے اللہ تعالیٰ آپ کو اس میں زیادہ ترقی دے، اللہ تعالیٰ آپ کو Upgrade کرے، لیکن آپ کو سوچ کا انداز بتا رہا ہوں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: آمین۔

جناب انور کمال خان: کہ کم از کم آپ اس حیثیت سے سوچیں کہ آپ بھی ایک ممبر ہیں اور خدا کرے یہ دن آپ پر اور ہم پر ہر روز آئے۔ ساری عمر یہ کرسیاں نہیں ہوتیں۔ آپ کو وہ سوچنا چاہیئے جو آپ کے ممبران سوچتے ہیں۔ جناب والا! میں تعمیر سرحد کے حوالے سے۔ (مداخلت) آپ کیوں ہمارے لئے یہ گھنٹیاں بجا رہے ہیں جناب والا۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: جمعہ کا دن ہے نا۔ جمعہ کا دن ہے اور پھر چھٹی ہو گی۔ معزز ممبران اور منسٹرز۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب انور کمال خان: اچھا جی۔ میں دو منٹ میں جناب اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: دو منٹ نہیں، تین منٹ میں ختم کر لیں۔

جناب انور کمال خان: میں دو منٹ میں دریا کو کوزے میں بند کر دیتا ہوں۔ اور میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! میں نے ان کو ایک Letter دکھایا۔ یہ آج ہمارے ہاؤس میں۔۔۔۔

(شور/مداخلت)

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر! ریکارڈ درست کرنے کے لئے، کہ میں نے یہ وعدہ نہیں کیا تھا۔ کہ ہم اس سال 50لاکھ روپے دیں گے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: آپ Notes لیتے جائیں اور پھر آپ۔۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور: منسٹر صاحب نے فلور آف دی ہاؤس پہ خود یہ وعدہ کیا تھا۔

جناب انور کمال خان: میں نے آپ سے کہا تھا، اس کا اگر آپ نے وعدہ نہیں کیا تو یہ ہاؤس اس چیز کا گواہ ہے۔ یہ ہاؤس اس چیز کا گواہ ہے کہ آپ نے کہا تھا کہ 50لاکھ روپے چھ مہینے کے لئے ہیں اور باقی ایک سال کے لئے آپ کا ایک کروڑ بنتا ہے اور یہ ہمارا حق ہے۔ جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے وزیر موصوف کو ضلع ناظم کا ایک Letter دکھایا۔۔۔

(قطع کلامی)

Mr. Speaker: Order please, Order please-

جناب انور کمال خان: جس نے ہمارے ممبران کو یہ لیٹر لکھا کہ آپ اپنے علاقے میں اس وقت تک کوئی بھی کام نہیں کر سکتے۔ جب آپ این او سی ضلعی ناظم سے حاصل نہیں کر لیتے۔ جناب والا! یہی رونا تو ہم رو رہے ہیں اسی پر آج یہ شور شرابہ ہو رہا ہے۔ اسی پر تو آج آپ کے سامنے پراونشل ڈیویلپمنٹ کمیٹیز کے حوالے سے بل پیش ہونا تھا، اسی کا رونا تو ہم رو رہے ہیں کہ خدا کے لئے کوئی ایسا Form provide کریں۔ اس ہاؤس کے لئے، یہ فورم آپ خالی اپوزیشن کو نہیں Provide کر رہے ہیں۔ اس فورم میں آپکے تمام معزز اراکین جو کہ حکومتی بنچوں پر بیٹھے ہوئے ہیں، جو کہ اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ فورم ان تمام کے لئے ہے۔ یہ میکنزم ان تمام لوگوں کے لئے ہے۔ اس سے آپ کی ضلعی حکومتوں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہم نے بالکل واضح طور پر اپنے اس بل میں کہا ہے کہ ہمارا ان کے ساتھ کوئی سروکار نہیں۔ اس آرڈیننس کے تحت ان کے لئے پینتیس فیصد پیسہ مختص کیا گیا ہے۔ اس کمیٹی کی رو سے اور اس بل کی رو سے ہمارا انکے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ بے شک ضلعی ناظمین اپنی مرضی کے مطابق خرچ کریں۔ بلکہ پینتیس فیصد سے بڑھا کر وہ تقریباً کوئی ساٹھ فیصد تک پہنچ چکا ہے۔۔۔۔۔

(مداخلت)

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: ریکارڈ درست کرنے کے لئے ساٹھ فیصد لیتے ہیں۔

جناب انور کمال خان: لیکن ہم یہ چاہتے ہیں جناب والا! کہ اس کے لئے کوئی میکنزم ہو۔ صرف ایک منٹ جناب والا! ہم اس پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے ہیں۔ انکے مطابق جب انہوں نے پہلی دفعہ کوئی سفارشات مرتب کی تھیں۔ تو میرے خیال میں، میں بے جا طور پر یہ نہیں کہونگا کہ انہوں نے اس تمام پارلیمنٹ کو ایک ڈی سی او کے ماتحت بنادیا تھا انہوں نے کہا تھا کہ اس کمیٹی کا چیئر مین ایک ڈی سی او ہوگا۔ اب ایک ضلعی ناظم اس کمیٹی کا چیئر مین ہو سکتا ہے اور ڈی سی او جو ہے وہ اسکا بطور سیکریٹری کام کرتا ہے تو آپ کیسے اس پارلیمان کو ایک ڈی سی او کے ساتھ یرغمال بناتے ہیں؟ کیسے آپ اسکو Sub- Servant بناتے ہیں؟ کیسے آپ اسکو ایک Subordinate بناتے ہیں؟ ہم تو اس پارلیمنٹ کی، اس پارلیمان کی بالادستی چاہتے ہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ جو بھی۔ (تالیاں) جو بھی طریقہ کار آپ بنائیں لیکن کم از کم اس کمیٹی کی رو سے اس کمیٹی کے حوالے سے بیشک اسکا تعین چیف منسٹر کریں۔ وہ جس پر بھی ہاتھ رکھنا چاہیں ہمیں اس پر اعتراض نہیں ہے لیکن کم از کم اس کمیٹی کا سربراہ اس علاقے کا ایم پی اے ہونا چاہیئے اور (تالیاں) جناب والا! یہ تحفظات ہمارے اس لئے ہیں کہ جب تک یہ کمیٹی آپکے سامنے نہیں آئے گی تو میں دیکھوں گا، یہاں پر ہمارے یار دوست بھی بیٹھے ہوئے ہیں جو بلاک ایلو کیشن ہوتی ہے تو ایک فرد واحد اٹھ کر یہ کہے گا کہ یہ تمام Block Allocation میری ہے اور اس میں باقی ممبران کا کوئی حصہ نہیں ہے (تالیاں) میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑی ماریں گے DDAC۔ یا یہ جو پراونشل ڈیویلپمنٹ کمیٹی بنی تھی تو یہ اس لئے بنی تھی کہ اس کمیٹی کے Through آپکے جتنے بھی اے ڈی پی کے کام ہوں وہ کام کوئی اسرائیل سے آکر نہیں کرے گا، آپ کے یہی ممبران آپکے ساتھ کریں گے جو تعاون آپکے ساتھ اپوزیشن کر رہی ہے، جو الفاظ ہم استعمال کر رہے ہیں کہ ہمارے ہاں اپوزیشن کا کوئی تصور نہیں پھر ان لوگوں کا یہ حق بنتا ہے کہ اس کمیٹی کی رو سے جو بھی Block allocation ہوں وہ Block allocation تمام ممبران میں برابری کے حساب سے تقسیم کی جائیں۔ جناب والا! اس چیز پر ہم اس لئے زیادہ زور دیتے ہیں اور ہم یہ کہتے ہیں کہ تعمیر سرحد کے حوالے سے منسٹر صاحب اس چیز کو محسوس نہ کریں

اور آپ کم از کم اپنے ممبران کے ساتھ تعاون کریں۔ آپ اسکو Speedy disposal اور Cash Programmed کی حیثیت سے سامنے پیش کریں اس میں آپکی بھی بھلائی ہو گی، اور آپکے ممبران کی بھی بھلائی ہو گی۔ ہم نے لوگوں کے ساتھ وعدے کئے ہیں، اگر ہم وہ وعدے نہیں نبھا سکتے تو ہماری کچھ مجبوریاں ہونگی تو آپ یہ سوچ نہیں سکتے کہ اس سے بدنامی کس کی ہو گی؟ اس چیز سے بدنامی حکومت کی ہو گی اور ہم یہ نہیں چاہتے کہ اس حکومت، جس کے ساتھ کم از کم ہم تعاون کر رہے ہیں، کی بدنامی ہو جناب والا! میں آپکا بہت مشکور ہوں

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جناب مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: مرید کاظم صاحب! پانچ منٹ میں اپنا مدعا بیان کریں۔

سید مرید کاظم شاہ: میں ان شاءاللہ پانچ منٹ سے بھی کم وقت میں آپکی جان چھوڑ دونگا۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب! یہ ایک بہت اچھا اعلان حکومت نے کیا تھا کہ تمام ممبران کو پچاس پچاس لاکھ روپے پچھلے سال کے لئے اور ایک کروڑ روپے اس سال کے لئے دیئے جائیں گے۔ جناب والا! مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج تک اس پر، تمام ممبران جب اپنے حلقوں میں جاتے ہیں تو وہ مایوسی سے واپس آتے ہیں کہ لوگ ان سے پوچھتے ہیں کہ یہ کیا ہوا؟ ظلم کی بات یہ ہے کہ ضمنی بجٹ میں آٹھ ممبران کے لئے پیسوں کی منظوری دی گئی تھی جس میں سے ایک میں بھی تھا، ایک طاہر بن یامین خان تھے۔ مولانا ادریس صاحب تھے، لیکن آج تک ہمیں کچھ نہیں ملا۔ پتہ نہیں وہ پیسے کہاں گئے ہیں۔ جناب والا! اس کے ساتھ ساتھ ڈی سی او کے پاس بھی پیسے نہیں ہیں، اب لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم لوگوں نے پیسے کھا لئے ہیں جناب والا! اس تعمیر سرحد پروگرام میں ایک بہت بڑا پرابلم ہے کہ ہمارے منسٹر صاحب نے ایک کمیٹی بنائی تھی اس نے کچھ اعتراضات دیئے کہ یہ چیز ہو سکتی ہے اور یہ چیز نہیں ہو سکتی ہے۔ جناب والا! ہمارے علاقے میں ایسے دیہات ہیں جہاں کوئی پختہ سڑک نہیں ہے۔ جناب والا! اگر ہم اس کو پہلے فیز میں شرینگل روڈز نہیں دیں گے تو اس رقم میں تو ایک دیہات کو بھی سڑک نہیں مل سکتی۔ اس لئے میں ریکویسٹ کرونگا منسٹر صاحب سے کہ اس چیز کو ختم کیا جائے اور لوگوں کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے

شرینگل روڈ بنایا جائے اور جناب والا! اس طریقہ کار کو آسان کیا جائے جس طرح عبدالاکبر خان نے کہا کہ چھ مہینے تو صرف اس کے آنے جانے میں لگ جاتے ہیں تو اسکو ختم کر کے ضلع کی سطح پر لایا جائے۔ جناب والا! ہمارے علاقوں میں ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ پچھلی دفعہ ایبٹ آباد کے ہمارے بھائیوں نے بھی یہ اعتراض کیا کہ جنازہ گاہ کے لئے کوئی Provision نہیں رکھی گئی، ہم اپنے زندہ لوگوں کے لئے تو سوچتے ہیں لیکن جو غریب مر جاتے ہیں ان کے لئے کبھی کوئی نہیں سوچتا تو میں ان سے ریکویسٹ کرونگا کہ جنازہ گاہ کے لئے بھی اس Provision رکھی جاتے جناب والا! بجٹ میں تو ایم پی ایز کو Ignore کیا گیا تھا۔ ایک فورم یہ رہ گیا تھا کہ کیونکہ بجٹ میں تو ہمیں کچھ نہیں ملا۔ اور وہ تو آپکو پتہ ہے یا دیر کو ملا ہے یا بنوں کو ملا ہے باقی پورے صوبے کو Ignore کیا گیا ہے۔ یہ پچاس لاکھ روپے تھے ہم کہتے تھے کہ ہمیں وہاں سے تو نہیں ملا لیکن حکومت نے ممبرز کو پچاس پچاس لاکھ دیئے ہیں تو اس سے ہم اپنے چھوٹے چھوٹے مسائل حل کریں گے۔ میں منسٹر صاحب سے اور گورنمنٹ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ مہربانی کریں جن علاقے کے ممبران کو اگر اے ڈی پی میں کچھ نہیں دیا گیا تو کم از کم جون کے لئے کچھ تو بڑھایا جائے۔ ایک ضلع میں ایک ارب لگا دیا جاتا ہے اور دوسرے ضلع میں کچھ نہیں۔۔۔۔۔

(مداخلت / قطع کلامی)

<u>جناب ظفر اعظم (وزیر قانون):</u> میں اسکو Oppose کرتا ہوں کہ دیر اور بنوں کو سب کچھ ملا ہے۔ ایسا نہیں ہے جی۔ انہوں نے میرے خیال میں اے ڈی پی شاید دیکھی نہیں ہے۔ ڈی آئی خان کو تقریباً پورے کا پورا حصہ مل چکا ہے اور یہ بالکل غلط تاثر پھیلایا جا رہا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا جی۔ ٹھیک ہے۔

<u>سید مرید کاظم شاہ:</u> سر! میں منسٹر صاحب تصحیح کرتا ہوں۔ منسٹر صاحب مہربانی کریں اے ڈی پی پڑھ لیں۔ انہوں نے اے ڈی پی پڑھی نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ اے ڈی پی میں تو بہت کچھ ہو چکا ہے۔ تعمیر سرحد پر بولیں۔ کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: نہیں، نہیں، سر! میں انکی بات کر رہا ہوں۔ میں اس لئے یہ کہہ رہا ہوں کہ ڈی آئی خان کو کچھ نہیں ملا۔ اس پر ہم چیخ رہے ہیں کہ وزیر اعلیٰ صاحب گئے ہیں انہوں نے اعلان تو کیا ہے۔ پتہ نہیں وہ جھوٹے ہیں یا سچے ہیں۔ مجھے یہ پتہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ان شاءاللہ سچے ہونگے، جھوٹے نہیں ہونگے۔

سید مرید کاظم شاہ: لیکن ان پر کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ چونکہ ان کے لئے کوئی فنڈ نہیں ہے۔ جو انہوں نے اعلان کیا تو ان کے لئے کوئی فنڈ نہیں ہے جب آپ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس پیسوں کی کمی ہے۔ میں کہتا ہوں۔۔۔۔

(قطع کلامی)

سردار محمد ادریس( وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جب اعلان کئے ہیں تو فنڈز بھی ساتھ دیں گے۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

سید مرید کاظم شاہ: خدا کرے کہ یہ سچ ہو۔ اور جناب والا! ہم یہی رونا رو رہے ہیں کہ چلیں وہ فنڈ نہیں ملے تو مہربانی کر کے ممبران کو مزید بدنام نہ کیا جائے اور ہمیں یہ فنڈز جلد از جلد ریلیز کئے جائیں۔ اور انکے لئے جو طریقہ کار ہے اسکو فعال بنایا جائے شکریہ۔

Mr. Speaker: Thank you Murid Kazim Sahib! The Sitting is adjourned till 09:30 am of Monday Morning, 8th September, 2003.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 08 ستمبر 2003ء صبح ساڑھے نو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)